azkar finally final.inp

# راحتُ القلوب

دعاؤں واذکار وغیرہ کا مجموعہ

مرتب

حضرت سید شاہ عبید اللہ قادری آصف پاشاہ
سجادہ نشین بارگاہ شجاعیہ ومتولی جامع مسجد شجاعیہ چار مینار

ناشر
شعبۂ نشر واشاعت انجمن خادمین شجاعیہ آندھرا پردیش

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

کتاب کا نام: راحت القلوب

موضوع : دعاؤں واذکار وغیرہ کا مجموعہ

مرتب : سید شاہ عبید اللہ قادری آصف پاشاہ

سجادہ نشین بارگاہ شجاعیہ ومتولی جامع مسجد شجاعیہ چار مینار

ناشر : شعبۂ نشر واشاعت انجمن خادمین شجاعیہ آندھرا پردیش

تعداد : 1000 سنہ اشاعت : سنہ ۲۰۱۴ء

کمپوزنگ وطباعت : لمعان کمپیوٹر اینڈ پرنٹرس،
چھتہ بازار، حیدرآباد۔ رابطہ : 9440877806

**ملنے کے پتے**

۱) خانقاہ شجاعیہ واقع عقب جامع مسجد شجاعیہ چار مینار، حیدرآباد۔
۲) بارگاہ حضرت قطب الہند حافظ سیدنا میر شجاع الدین حسین قادریؒ
عیدی بازار، حیدرآباد۔ فون: 040-66171244

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 | فضائل دعا | 11 |
| 2 | فضائلِ ذکر | 15 |
| 3 | آداب دعا | 18 |
| 4 | آدابِ ذکر | 23 |
| 5 | دعاؤں کی قبولیت کے افضل اوقات | 25 |
| 6 | دعا کی قبولیت کے مقامات | 28 |
| 7 | وہ لوگ جن کی دعائیں جلد قبول ہوتی ہیں | 29 |
| 8 | قرآنی دعائیں | 31 |
| 9 | آیاتِ شفاء | 44 |
| 10 | درود شریف | 46 |
| 11 | مسنون دعائیں | 54 |
| 12 | نیند سے جاگنے کے اذکار | 54 |
| 13 | کپڑا پہننے کی دعا | 56 |
| 14 | نیا کپڑا پہننے کی دعا | 56 |

| | | |
|---|---|---|
| 15 | کپڑا اُتارے تو کیا پڑھے | 57 |
| 16 | گھر سے نکلتے وقت ذکر | 59 |
| 17 | گھر میں داخل ہوتے وقت ذکر | 60 |
| 18 | مسجد کی طرف جانے کی دعا | 60 |
| 19 | مسجد میں داخل ہونے کی دعا | 61 |
| 20 | مسجد سے نکلنے کی دعا | 62 |
| 21 | اذان کے اذکار | 63 |
| 22 | صلاۃ استخارہ کی دعا | 65 |
| 23 | غم اور فکر کی دعا | 68 |
| 24 | بے قراری کی دعا | 69 |
| 25 | دشمن اور حکومت والے سے ملنے کی دعا | 70 |
| 26 | ادائیگی قرض کیلئے دعا | 71 |
| 27 | اس شخص کی دعا جس پر کوئی کام مشکل ہو جائے | 71 |
| 28 | بچوں کو کون سے کلمات کیساتھ پناہ دی جائے | 72 |
| 29 | بیمار پرسی کے وقت مریض کیلئے دعا | 72 |
| 30 | تعزیت کے وقت کی دعا | 73 |

| | | |
|---|---|---|
| 31 | میت کو قبر میں داخل کرتے وقت دعا | 73 |
| 32 | ہوا چلتے وقت کی دعا | 74 |
| 33 | بارش کی چند دعائیں | 74 |
| 34 | بارش اُترتے وقت کی دعا | 75 |
| 35 | بارش اُترنے کے بعد کی دعا | 76 |
| 36 | مطلع صاف کرنے کیلئے دعا | 76 |
| 37 | چاند دیکھنے کی دعا | 77 |
| 38 | کھانے سے پہلے کی دعا | 77 |
| 39 | کھانے سے فارغ ہو کر دعا | 78 |
| 40 | کھانا کھلانے والے کیلئے مہمان کی دعا | 79 |
| 41 | شادی کرنے والے کیلئے دعا | 80 |
| 42 | جماع سے پہلے دعا | 81 |
| 43 | غصے کی دعا | 81 |
| 44 | مصیبت زدہ کو دیکھے تو یہ پڑھے | 82 |
| 45 | مجلس میں پڑھنے کی دعا | 82 |
| 46 | مجلس کے گناہ دور کرنے کی دعا | 83 |

| | | |
|---|---|---|
| 47 | چوپائے یا کسی سواری پر سوار ہونے کی دعا | 84 |
| 48 | سفر کی دعا | 85 |
| 49 | بستی یا شہر میں داخل ہونے کی دعا | 87 |
| 50 | بازار میں داخل ہونے کی دعا | 89 |
| 51 | سفر سے واپسی کی دعا | 90 |
| 52 | اداءِ قرض اور فکر و غم دور ہونے کی دعا | 93 |
| 53 | سید الاِستغفار | 94 |
| 54 | دہشت اور گھبراہٹ کے وقت کی دعا | 96 |
| 55 | نماز حاجت کا طریقہ اور دعا حاجت کا بیان | 97 |
| 56 | آئینہ دیکھنے کے وقت | 98 |
| 57 | جب کسی قرضدار سے اپنا قرض پورا اصول کرلے | 100 |
| 58 | قرض میں گرفتار ہونے کے وقت کی دعا | 100 |
| 59 | وسوسوں میں مبتلاء ہونے کے وقت کی دعا | 102 |
| 60 | غصہ دفع کرنے کیلئے | 103 |
| 61 | سانپ بچھو کے کاٹے کا علاج | 104 |
| 62 | جلے ہوئے کیلئے دعا | 104 |

| | | |
|---|---|---|
| 63 | جب پیشاب بند ہو جائے یا پتھری ہو تو | 105 |
| 64 | پھوڑے پھنسی اور زخم کیلئے دعا | 106 |
| 65 | جسمانی دکھ تکلیف کیلئے دعا | 107 |
| 66 | آنکھ دکھنے کیلئے دعا | 108 |
| 67 | بخار کیلئے دعا | 108 |
| 68 | شہادت کا یا مدینے میں وفات پانے کا شوق | 109 |
| 69 | مرنے کے وقت کی دعا | 110 |
| 70 | زیارت قبور کیلئے | 111 |
| 71 | متفرق دعائیں | 112 |
| 72 | بعد نماز پنج وقتہ پڑھنے کے اذکار | 120 |
| 73 | اورادامام غزالیؒ | 121 |
| 74 | دشمنوں پر کامیابی اور مدد | 122 |
| 75 | دشمنوں سے نجات اور بلاؤں سے | 123 |
| 76 | رزق اور دولت مندی کے لئے | 125 |
| 77 | اولاد کیلئے | 126 |
| 78 | تکمیل حاجت کیلئے | 126 |

| | | |
|---|---|---|
| 79 | شفاء امراض کیلئے | 127 |
| 80 | دفع امراض کیلئے | 128 |
| 81 | ثمراتِ مکیہ | 129 |
| 82 | راتبِ حضرت سید احمد کبیر الرفاعی قدس | 131 |
| 83 | راتب حضرت عبداللہ حداد | 135 |
| 84 | دعا برائے دین ودنیا واُمورِ آخرت | 144 |
| 85 | دعائے مستجاب | 145 |
| 86 | دعائے مستجاب | 156 |
| 87 | **درودِ تُنَجِّیْنَا** | 159 |
| 88 | طریقہ استخارہ | 163 |
| 89 | دعائے حیدری | 166 |
| 90 | دعائے محبت | 178 |
| 91 | ختم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | 187 |
| 92 | ختم قادریہ | 189 |
| 93 | ختم رفاعیہ | 191 |

بسم الله الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علی سیدنا مولانا محمد النبی الامی
وعلی اٰله و صحبه و بارک وسلم

''راحتُ القلوب'' مسنون ماثورہ دعاؤں اذکار اور وظائف کا مجموعہ ہے اور اس کے ساتھ شیخ العرب والعجم حضرت سیدنا شاہ محمد رفیع الدین قندھاری جو میرے جد امجد قطب الہند حضرت سیدنا میر شجاع الدین حسین قادری کے پیرومرشد ہیں کی معرکۃ آراء تصنیف ''ثمرات مکیہ'' سے ماخوذ وظائف و اوراد جو ہمارے سلسلہ میں پابندی سے پڑھے جاتے ہیں کو بھی اس میں شامل کردیا گیا ہے تاکہ اہل سلسلہ کے معمولات میں یہ بھی شامل ہوجائے اور اس کے

برکات سے مستفید ہوں۔
اللہ تعالی سے دعا ہے کہ بطفیل سید المرسلین ﷺ
و پیران سلسلہ اس کتاب کو نافع بنائے اور احقر کی سعی کو
قبول فرمائے۔آمین

فقط

**سید عبید اللہ قادری آصف پاشاہ**

سجادہ نشین بارگاہ شجاعیہ و متولی جامع مسجد شجاعیہ

# فضائل دعا

حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دعا مانگنا بعینہٖ عبادت کرنا ہے پھر آپ نے (بطور دلیل) قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔

**”وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ“**

اور تمہارے رب نے فرمایا ہے مجھ سے مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا بیشک جو لوگ (از راہ تکبر) میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ ضرور جہنم میں داخل ہوں گے ذلیل وخوار ہوکر۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میں سے جس شخص کیلئے دعا کا دروازہ کھول دیا گیا (یعنی دعا مانگنے کی توفیق دے دی گئی) اُس کیلئے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے۔ اللہ تعالیٰ سے جو دعائیں مانگی جاتی ہیں اُن میں اللہ کو سب سے زیادہ پسند یہ ہے کہ اس سے (دنیا اور آخرت میں) عافیت کی دعا مانگی جائے۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دعا کے سوا کوئی چیز قضا (تقدیر کے فیصلہ) کو رد نہیں کر سکتی اور نیکی (عملِ خیر) کے سوا کوئی چیز عمر کو نہیں بڑھا سکتی۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ہاں دُعا سے زیادہ اور کسی چیز کی وقعت نہیں۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اُس شخص سے ناراض ہو جاتے ہیں۔

❁ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اُس کی دعا سختیوں اور مصیبتوں کے وقت قبول فرمائیں اُس کو چاہئے کہ وہ فراخی اور خوشحالی میں بھی کثرت سے دعا مانگا کرے۔

❁ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دعا

مومن کا ہتھیار ہے دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی مسلمان (کسی چیز کے) مانگنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی جانب اپنا منہ اُٹھاتا ہے (اور دعا مانگتا ہے) اللہ تعالیٰ اُس کو وہ چیز ضرور دیتے ہیں یا وہی چیز اُس کو فی الفور دیدیتے ہیں یا اُس کے واسطے (دنیا و آخرت میں) اُسکو ذخیرہ کر دیتے ہیں۔

# فضائلِ ذکر

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے (اس پر مامور) ہیں کہ راستوں میں گھوم پھر کر اللہ کا ذکر کرنے والوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں پس جب وہ کسی جماعت کو اللہ جل شانہ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں کہ آؤ اپنے مقصود (ذکر اللہ) کی طرف آجاؤ تو وہ سب ملکر آسمانِ دنیا تک اِن ذکر کرنے والوں کو اپنے بازوؤں کے سایہ میں لے لیتے ہیں۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُس شخص کی

مثال جو اپنے پروردگار کا ذکر کرتا ہے اور اس شخص کی جو اپنے پروردگار کا ذکر نہیں کرتا زندہ اور مردے کی سی مثال ہے۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا جب بھی کوئی جماعت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کیلئے بیٹھتی ہے تو فوراً (رحمت کے) فرشتے ان کو (چاروں طرف سے) گھیر لیتے ہیں اور اللہ کی رحمت اُن کو ڈھانپ لیتی ہے سکون و اطمینان ان پر برسنے لگتا ہے اور اللہ تعالیٰ اِن (فرشتوں) سے اِن ذکر کرنے والوں کا تذکرہ کرتے ہیں جو اس کے پاس (موجود رہتے) ہیں۔

❁ ایک صحابی نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ اسلام کے (موجبِ اجر وثواب) احکام تو بہت ہو گئے آپ تو مجھے کوئی ایسی چیز بتلادیجئے جس کو میں مضبوط پکڑ لوں (اور برابر کرتا رہوں) آپ نے فرمایا تمہاری زبان برابر اللہ کے ذکر سے تر وتازہ رہنی چاہئے۔

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کسی بھی آدمی نے کوئی عمل ایسا نہیں کیا جو اللہ کے ذکر سے زیادہ اس کو اللہ کے عذاب سے نجات دلانے والا ہو۔

# آداب دعا

۱) کھانے، پینے، پہننے اور کمانے (روزی کمانے کے ذرائع) میں حرام سے بچنا۔

۲) اللہ جل شانہ کیلئے اخلاص اختیار کرنا

۳) دعا مانگنے سے پہلے کوئی نیک کام کرنا مثلاً صدقہ دینا یا نماز پڑھنا وغیرہ سختیوں اور مصیبتوں کے وقت خاص طور پر نیک اعمال کا ذکر کرنا (یعنی ان کے واسطے سے دعا مانگنا)

۴) (ناپاکی اور نجاست گندگی اور غلاظت سے) پاک اور (میل کچیل سے) صاف (ستھرا) ہونا۔

۵)وضو کرنا۔

۶)قبلہ کی طرف رخ کرنا۔

۷)(دعا مانگنے سے پہلے)نماز(حاجت)پڑھنا۔

۸)(دعا مانگنے کیلئے)دوزانوں بیٹھنا۔

۹)(دعا مانگنے سے)پہلے اور بعد میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا۔

۱۰)اسی طرح(دعا کے)اول اور آخر میں نبی علیہ الصلوۃ والسلام پر درود وسلام بھیجنا۔

۱۱) دونوں ہاتھ پھیلا کر دعا مانگنا

۱۲)دونوں ہاتھوں کو مونڈھوں تک اٹھانا

۱۳) دونوں ہاتھوں کو کھلا رکھنا

۱۴) (دعا مانگنے میں) عاجزی اور انکساری اختیار کرنا اور گڑ گڑانا

۱۵) دعا مانگنے کے وقت آسمان کی جانب نگاہ نہ اٹھانا

۱۶) اللہ جل شانہ کے اسماءِ حسنیٰ اور اعلیٰ صفات کا واسطہ دے کر دعا مانگنا اور انبیاء علیھم السلام کے وسیلہ سے دعا مانگنا

۱۷) اللہ کے نیک بندوں (اولیاءاللہ) کے وسیلہ سے دعا مانگنا

۱۸) دعا میں آواز کو پست رکھنا (نیچی آواز میں دعا مانگنا)

۱۹) اپنے گناہوں کا اقرار کرنا۔

۲۰) اپنی ذات سے دعا شروع کرے اور پھر اپنے ماں

باپ اور تمام مومن بھائیوں کیلئے دعا کرے (یعنی پہلے اپنے لئے پھر درجہ بدرجہ اوروں کیلئے دعا مانگے )

۲۱ ) انتہائی رغبت اور شوق سے دعا مانگے بے دلی سے دعا نہ مانگے۔

۲۲ ) ایک ہی مقصد کیلئے بار بار دعا مانگے

۲۳ ) کسی دعا پر اصرار نہ کرے کہ (میری یہ دعا تو تجھے قبول کرنی ہی ہوگی۔

۲۴ ) کسی گناہ کی قطع رحمی کی دعا نہ کرے

۲۵ ) دعا میں حد سے تجاوز نہ کرے کہ کسی محال اور ناممکن امر کی دعا مانگے

۲۶) اپنی تمام حاجتیں (چھوٹی) ہوں یا بڑی کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہوں اللہ سے مانگے

۲۷) دعا مانگنے والا اور سننے والا دونوں آمین کہیں

۲۸) دعا سے فارغ ہوکر دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے

۲۹) دعا کی قبولیت میں جلد بازی نہ کرے مثلاً یوں کہے دعا پوری ہونے میں ہی نہیں آتی یا میں نے دعا کی تھی قبول ہی نہیں ہوئی۔

# آدابِ ذکر

۱) ذاکر جس جگہ ذکر کرے وہ جگہ (ان تمام چیزوں سے جو توجہ کو ہٹانے اور خیالات کو پراگندہ کرنے والی ہوں) خالی اور پاک وصاف ہونی چاہئے۔

۲) اور ذکر کرنے والا دعا کے آداب میں مذکورہ بالا صفات (مثلاً اخلاص، خشوع وخضوع ظاہری و باطنی طہارت و نظافت وغیرہ) سے موصوف ہونا چاہئے اسلئے کہ ذکراللہ سب سے افضل عبادت ہے اسلئے اس میں دعا سے بدرجہ زیادہ تعظیم واحترام اور احتیاط واہتمام کی ضرورت ہے۔

۳) اور ذاکر کا منہ اور زبان بالکل پاک وصاف ہونی چاہئے اگر کسی چیز کی بو منہ میں ہو تو مسواک کر کے اس کو ضرور دور کر لینا چاہئے۔

۴) اور اگر کسی جگہ بیٹھ کر ذکر کر رہا ہو تو رُخ قبلہ کی طرف ہونا چاہئے۔

۵) اور عاجزی اور انکساری سکون و اطمینان وقار و اہتمام اور دل کی پوری توجہ کے ساتھ ذکر کیلئے بیٹھے۔

٦) اور جو بھی ذکر کرے اس کے معنی ومفہوم کو اچھی طرح سمجھے اور ان میں غور وفکر کرے۔

۷) اور اگر کسی ذکر کے معنی نہ جانتا ہو تو (کسی عالم سے) دریافت کر لے اور سمجھ لے۔

# دعاؤں کی قبولیت کے افضل اوقات

- عرفہ کا پورا دن (ذی الحجہ کی نویں تاریخ)
- رمضان المبارک کا پورا مہینہ
- جمعہ کی رات (یعنی جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات)
- جمعہ کا پورا دن
- روزآنہ رات کا دوسرا آدھا حصہ
- روزآنہ رات کا پہلا تہائی حصہ
- روزآنہ رات کا آخری تہائی حصہ
- روزآنہ رات کے آخری تہائی حصہ کا درمیان
- روزآنہ سحر کے وقت
- نماز کی اذان ہونے کے وقت (یعنی اذان سننے

اذان کا جواب دینے اوراذان کی دعا پڑھنے کے بعد دعا کرے)۔ ❁اذان اور تکبیر کے درمیان جو شخص کسی مصیبت یا سختی میں گرفتار ہو

❁اللہ کی راہ(جہاد)میں صفیں باندھنے کی حالت میں دعا کرے

❁ جب گھمسان کی جنگ ہورہی ہو

❁فرض نمازوں کے بعد(یعنی جماعت سے نماز پڑھے

❁ قرآن کریم کی تلاوت سے فارغ ہونے کے بعد خاص کر ختم قرآن کے بعد(خواہ خود ختم کیا ہو خواہ کسی دوسرے نے)

❁ خاص طور پر قرآن ختم کرنے والے کی دعا

❁ زمزم کا پانی پینے کی حالت میں (یعنی چاہ زمزم پر

کھڑے ہوکر پانی پیئے۔ ❁ مرنے والے کی جانکنی کے وقت (خودمرنے والابھی دعا کرے)۔

❁ مرغ کی اذان کے وقت (یعنی مرغ کی اذان سن کر دعا کرے)۔ ❁مسلمانوں کے دینی اجتماعات میں (ان مسلمانوں کے ساتھ یا تنہا دعا کرے۔

❁ ذکر کی مجلسوں میں (خواہ ذکر اللہ کا حلقہ ہو درس قرآن وحدیث کا خواہ وعظ ونصیحت کا)

❁ میت کی آنکھیں بند کرنے کے وقت

❁ نماز کی اقامت (تکبیر) کے وقت

❁ بارش برسنے کے وقت۔

# دعا کی قبولیت کے مقامات

۱) طواف گاہ مطاف ۲) ملتزم

۳) میزاب ۴) بیت اللہ کے اندر

۵) چاہ زمزم کے پاس ۶) صفا اور مروہ

۸) مسعیٰ اصفا اور مردہ ۹) مقام ابراہیم کے پیچھے

۱۰) میدان عرفات ۱۱) مزدلفہ

۱۲) منیٰ میں ۱۲) مسجد

اگر نبی علیہ السلام (کے روضہ اقدس کے پاس دعا قبول نہ ہوگی تو پھر کس جگہ قبول ہوگی یعنی روضہ اقدس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو دعا قبول

ہونے کا وہ مقدس مقام ہے کہ اس کو سرفہرست سب سے پہلے شمار ہونا چاہئے۔

## وہ لوگ جن کی دعائیں جلد قبول ہوتی ہیں

۱) مجبور اور لاچار و بے بس لوگ
۲) مظلوم اور ستم رسیدہ لوگ
۳) باپ کی دعا اپنی اولاد کیلئے
۴) امام عادل کی دعا
۵) ہر نیکوکار آدمی کی دعا
۶) ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والے اولاد کی دعا
۷) ایک مسلمان کی دعا دوسرے مسلمان بھائی کیلئے

اس کے پس پشت

۸)ہر مسلمان کی دعا جب تک کہ وہ کسی پر ظلم کرنے یا قطع رحمی (قرابتداروں کی حق تلفی) کی دعا نہ کرے) یا دعا کر کے اظہار یا مایوسی یا شکایت کے طور پر) یہ نہ کہے کہ میں نے دعا مانگی تھی وہ قبول ہی نہیں ہوئی۔

جب کسی کی کوئی بھی دعا قبول ہو تو اُس کا شکریہ یہ کلمات کہہ کر ادا کرے.

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِعِزَّتِہٖ**

**وَجَلَالِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتِ**

# قرآنی دعائیں

﴿۱﴾ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَآ سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ
لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۞
﴿۲﴾ رَبِّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَسْئَلَکَ
مَا لَيْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ط وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ
وَتَرْحَمْنِیْ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۞
﴿۳﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ
دَخَلَ بَيْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ

وَالْمُؤْمِنَاتِ ط وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تبَارًا ۞

﴿۴﴾ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ط اِنَّکَ اَنْتَ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۞

﴿۵﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَکَ

وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّکَ ص

وَاَرِنَا مَنَاسِکَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ج اِنَّکَ

اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۞

﴿۶﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

ذُرِّيَّتِیُ رَبَّنَا وَتَقَبَّلُ دُعَآءِ ۞

﴿۷﴾ رَبَّـنَـا اغْـفِـرُ لِـیُ وَلِـوَالِـدَیَّ وَلِلُمُؤُمِنِیُنَ یَوُمَ یَقُومُ الُحِسَابُ۞

﴿۸﴾ رَبِّ هَـبُ لِـیُ حُـکُمًا وَّاَلُحِقُنِیُ بِالصَّالِحِیُنَ ۞

﴿۹﴾ وَاجُـعَـلُ لِّـیُ لِسَـانَ صِدُقٍ فِیُ الُاٰخِرِیُنَ۞

﴿۱۰﴾ وَاجُعَلُنِیُ مِنُ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیُمِ ۞

﴿۱۱﴾ رَبِّ هَبُ لِیُ مِنَ الصَّالِحِیُنَ ۞

﴿۱۲﴾ رَبَّنَا عَلَیْکَ تَوَکَّلْنَا وَاِلَیْکَ
اَنَبْنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ۞

﴿۱۳﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ
کَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّکَ اَنتَ
الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۞

﴿۱۴﴾ رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ
الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ
اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ

بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ۞

﴿۱۵﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً

طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ۞

﴿۱۶﴾ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ

الْوَارِثِیْنَ۞

﴿۱۷﴾ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ۞

وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ۞ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ

لِّسَانِیْ۞ یَفْقَهُوا قَوْلِیْ۞

﴿۱۸﴾ رَبِّ اِنِّـیُ ظَلَمُتُ نَفُسِیُ فَاغُفِرُ
لِیُ فَغَفَرَ لَهُ اِنَّهُ هُوَ الُغَفُورُ الرَّحِیُمُ ۞
﴿۱۹﴾رَبَّـنَـا اٰمَـنَّـا بِـمَا اَنزَلَتَ وَاتَّبَعُنَا
الرَّسُولَ فَاکُتُبُنَا مَعَ الشَّاهِدِیُنَ۞

﴿۲۰﴾رَبَّـنَـا لاَ تَـجُـعَـلُـنَـا فِتُنَةً لِّلُقَوُمِ
الـظَّالِمِیُنَ۞ وَنَـجِّنَا بِرَحُمَتِکَ مِنَ
الُقَوُمِ الُکَافِرِیُنَ۞

﴿۲۱﴾ رَبَّـنَـا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَاِسْرَافَنَا
فِیْ اَمْـرِنَـا وَثَبِّـتْ اَقْـدَامَـنَا وَاِنْصُرْنَا
عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ۞
﴿۲۲﴾ رَبَّـنَـا آتِـنَـا مِنْ لَّدُنکَ رَحْمَةً
وَهَیِّءْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَداً۞
﴿۲۳﴾ رَّبِّ اَعُـوْذُبِکَ مِـنْ هَـمَـزٰتِ
الشَّیٰـطِیْـنِ ۞ وَاَعُـوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ
یَّحْضُرُوْنِ۞

﴿۲۴﴾ رَّبِّ اغْـفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ
الرَّاحِمِيْنَ ۞
﴿۲۵﴾ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِیْ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِیْ
الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۞
﴿۲۶﴾ سَـمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا
وَاِلَيْکَ الْمَصِيْرُ ۞
﴿۲۷﴾رَبَّـنَا وَلاَ تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
حَـمَـلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِن قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلاَ

تُحَمِّلْنَا مَا لاَ طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفہ
وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنتَ مَوْلاٰنَا
فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۞
﴿٢٨﴾رَبَّنَا لاَ تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ
هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ج
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۞
﴿٢٩﴾ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلاً ج
سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۞ رَبَّنَا

اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهٗ ط
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۞ رَبَّنَا اِنَّنَا
سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِیْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ
اٰمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الاَبْرَارِ۞ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى
رُسُلِکَ وَلاَ تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ
اِنَّکَ لاَ تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۞

﴿۳۰﴾ رَبَّـنَـا اٰمَـنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ۞
﴿۳۱﴾ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ
اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۞اِنَّهَا سَآءَ تْ
مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۞
﴿۳۲﴾رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا
قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَاماً۞
﴿۳۳﴾رَبَّـنَـا اغْـفِـرْ لَـنَـا وَلِاِخْـوَانِنَا الَّذِيْنَ

سَبَقُونَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوبِنَا غِلّاً
لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا رَبَّنَا اِنَّکَ رَءُ وْفٌ رَّحِیْمٌ
﴿۳۴﴾ رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۞
﴿۳۵﴾ رَبَّـنَـا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۞
﴿۳۶﴾ رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِیْنَ۞
﴿۳۷﴾ رَبِّ اجْـعَـلْ هٰـــذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا

وَّاجۡنُبۡنِیۡ وَبَنِیَّ اَنۡ نَّعۡبُدَ الاَصۡنَامَ۞

﴿۳۸﴾رَبِّ اِنِّیۡ لِمَا اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ

﴿۳۹﴾رَبِّ انصُرۡنِیۡ عَلَی الۡقَوۡمِ الۡمُفۡسِدِیۡنَ

﴿۴۰﴾رَبَّنَا لاَ تَجۡعَلۡنَا مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ

﴿۴۱﴾ حَسۡبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ عَلَیۡهِ

تَوَکَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ۞

﴿۴۲﴾عَسٰی رَبِّیۡ اَنۡ یَّهۡدِیَنِیۡ سَوَآءَ السَّبِیۡلِ

﴿۴۳﴾ رَبِّ نَجِّنِیۡ مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ

# آیاتِ شفاء

(۱) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ○

(التوبہ، ۱۴/۹)

(۲) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ○

(یونس، ۵۷/۱۰)

(۳) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ
مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط ○

(النحل ۶۹/۱۶)

(۴)وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَشِفَآءٌ وَّ
رَحُمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (بنی اسرائیل،۸۲/۱۷)

(۵)وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝
(الشعراء،۸۰/۲۶)

(٦)قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى
وَّشِفَآءٌ۝ (حٰم سجدہ،۴۴/۴۱)

# درود شریف

**<u>درود ابــراهیم</u>:** اَلـلّٰھُـمَّ صَـلِّ عَـلٰـی
سَیِّـدِنَـا مُـحَـمَّـد وَعَـلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُـحَـمَّـدٍ کَـمَـاصَـلَّیُـتَ عَلٰی سَیِّدِنَآ
اِبُـرَاهِیُـمَ وَعَـلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبُرَاهِیُمَ
اِنَّکَ حَمِیُدٌ مَّجِیُدٌ O اَللّٰھُمَّ بَارِکُ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُـحَـمَّـدٍ کَـمَـابَـارَکتَ عَلٰی سَیِّدِنَآ
اِبُـرَاهِیُـمَ وَعَـلٰٓـی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبُرَاهِیُمَ
اِنَّکَ حَمِیُدٌ مَّجِیُدٌO

۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○
۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِى الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ
وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِى الْقُبُوْرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
وَسَلِّمْ○ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ○

(دلائل الخیرات)

۞ اَللّٰهُم صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَّا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا وَلَا يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا ۝ (دلائل الخیرات)

درود ناریہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَ تَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ

الْـخَـوَاتِـمُ وَيَسْتَسْـقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْـكَـرِيْـمِ وَعَـلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ فِى كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ.

۞اَلـلّٰهُـم صَـلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى حَالِ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ(ثمرات مکیہ)

درود تاج :اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَـا مُـحَـمَّـدٍ صَـاحِـبِ التَّـاجِ وَالْـمِـعْـرَاجِ وَالْبُـرَاقِ وَالْعَلَمِ. دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْـوَبَـاءِ وَالْـقَـحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَـمِ. اِسْـمُـهٗ مَـكْتُـوْبٌ مَّـرْفُوْعٌ

مَّشْـفُـوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ. سَيِّـدِ الْـعَـرَبِ وَالْـعَـجَـمِ. جِسْـمُـهٗ مُـقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِى الْبَيْتِ وَالْـحَـرَمِ. شَـمْـسِ الـضُّـحٰـى بَـدَرِالـدُّجٰى صَدْرِ العُلٰے نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى مِصْبَاحِ الظُّلَمِ. جَمِيْلِ الشِّيَمِ. شَفِيْعِ الْاُمَمِ. صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْـكَـرَمِ. وَالـلّٰـهُ عَـاصِـمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَـادِمُهٗ. وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ. وَالْمِعْرَاجُ سَـفَـرُهٗ. وَسِـــدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ.

وَقَـابَ قَـوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ. وَالْمَطْلُوْبُ مَـقْـصُـوْدُهٗ. وَالْـمَـقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ. سَيِّدِالْمُرْسَلِيْنَ. خَاتِمِ النَّبِيِّيْنَ. شَفِيْعِ الْـمُـذْنِبِيْـنَ. اَنِيْـسِ الْغَرِيْبِيْنَ. رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَـمِيْـنَ. رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ. مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ. شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ. سِرَاجِ السَّـالِكِيْـنَ. مِصْبَـاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ. مُـحِـبِّ الْـفُـقَـرَاءِ وَالْـغُـرَبَـاءِ وَالْـمَسَـاكِيْـنَ. سَيِّـدِ الثَّقَلَيْنِ. نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ. اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ. وَسِيْلَتِنَا فِى

الـدَّارَيْـنِ. صَــاحِـبِ قَـابَ قَوْسَيْنِ.
مَــحْبُــوبِ رَبِّ الْــمَشْــرِقَيْــنِ
وَالْـمَغْرِبَيْنِ. جَدِّالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ.
مَـوْلٰـنَـا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ. اَبِی الْقَاسِمِ
مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ يَا
اَيُّهَـآ الْـمُشْتَـاقُـوْنَ بِنُوْرِجَمَالِهٖ صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوا تَسْلِيْمًا
درودِ شفآء: اَلـلّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُـحَـمَّـد طِـبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَآئِهَا وَ
عَــافِيَةِ الْاَبْـدَانِ وَ شِـفَــآئِهَـا وَ نُوْرِ

الْاَبْـصَارِ وَ ضِيَآئِهَا وَ صَلَّ اللّٰهُ تَعَالىٰ
عَـلٰـى سَيِّـدِنَـــا مُـحَـمَّـد وَّ عَلٰى اٰلِـهٖ
وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّم
❁ اَللّٰهُمَّ صَـلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
وَشَـفِيْـعِـنَا وَمَلَاذِنَا وَمَلْجَانَا مُحَمَّدٍ م
بِعَدَدِ كَمَالِ اللّٰهِ وَكَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ
❁ اَللّٰهُمَّ صَـلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلىٰ
اٰلِ مُـحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ
عِنْدَكَ (طبرانی)

# مسنون دعائیں

## نیند سے جاگنے کے اذکار

١) اَلْـحَـمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اُٹھ کر جانا ہے۔

(بخاری مع الفتح ۱۱/۱۱۳، مسلم ۴/۲۰۸۳)

٢) لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَـهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُـلِّ شَيءٍ قَدِيْرٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ

**لِـلّٰـهِ وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا الـلّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَر وَلَا حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.**

ترجمہ: کوئی عبادت کے لائق نہیں مگر اللہ اکیلا اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے ملک ہے اور اسی کیلئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کیلئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور بلندی اور عظمت والے اللہ کی مدد کے بغیر نہ (کسی چیز سے بچنے کی) طاقت ہے اور نہ (کچھ کرنے کی) قوت ہے۔

**۳) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِيْ فِيْ جَسَدِيْ وَرَدَّ عَلَيَّ رُوْحِيْ وَأَذِنَ لِي بِذِكْرِهٖ**

سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے مجھے میرے جسم

میں عافیت دی اور میری روح مجھے واپس کی اور مجھے اپنی یاد کی اجازت دی۔

## کپڑا پہننے کی دعا

۴) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِي کَسَانِيْ ھٰذَا (الثَوْبَ) وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّۃٍ

ترجمہ: سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا اور میری کسی طاقت اور کسی قوت کے بغیر مجھے عطا کیا۔

## نیا کپڑا پہننے کی دعا

۵) اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ

## كَسَوْتَنِيْهِ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَ خَيْرِ مَاصُنِعَ لَهٗ وَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

اے اللہ تیرے ہی لئے تعریف ہے تو نے مجھے یہ پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس چیز کیلئے بنایا گیا ہے اس کی بھلائی طلب کرتا ہوں اور اس کی برائی سے اور جس چیز کیلئے بنایا گیا ہے اس کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

## کپڑا اُتارے تو کیا پڑھے

٦) **بِسْمِ اللّٰہ** اللہ کے نام کے ساتھ

## وضوء سے فارغ ہونے کے بعد ذکر

۷) اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔

۸) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ

اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں بنادے اور مجھے بہت پاک رہنے والوں یں بنادے۔

۹) سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِکَ

## اَشۡهَدُ اَنۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡکَ

پاک ہے تو اے اللہ اور تیری تعریف کے ساتھ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

## گھر سے نکلتے وقت ذکر

۱۰) بِسۡمِ اللّٰهِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰهِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اللہ کے نام کے ساتھ۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور اللہ کی مدد کے بغیر نہ کسی چیز سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ کچھ کرنے کی۔

## گھر میں داخل ہوتے وقت ذکر

۱۱) بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَ بِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلٰى رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا

اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے اللہ کے نام کے ساتھ نکلے اور اپنے رب ہی پر ہم نے بھروسہ کیا۔

## مسجد کی طرف جانے کی دعا

۱۲) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْراً وَ فِيْ لِسَانِيْ نُوْراً وَاجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ نُوْراً وَاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُوْراً وَاجْعَلْ فِيْ خَلْفِيْ نُوْراً وَ مِن فَوْقِيْ نُوْراً وَ مِنْ

تَحۡتِيۡ نُوۡراً اَللّٰهُمَّ اَعۡطِنِيۡ نُوۡراً

اے اللہ میرے دل میں نور بنادے اور میری زبان میں نور بنادے اور میرے کانوں میں نور بنادے اور میری آنکھوں میں نور بنادے اور میرے پیچھے اور میرے آگے نور بنادے اور میرے اوپر اور میرے نیچے نور بنادے۔ اے اللہ مجھے نور عطا فرمادے۔

## مسجد میں داخل ہونے کی دعا

۱۳) اَعُوۡذُبِاللّٰهِ الۡعَظِيۡمِ وَ بِوَجۡهِهِ الۡكَرِيۡمِ وَ سُلۡطَانِهِ الۡقَدِيۡمِ مِنَ الشَّيۡطَانِ الرَّجِيۡمِ بِسۡمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوۡلُ اللّٰهِ . اَللّٰهُمَّ

اُفْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ.

میں عظمت والے اللہ کی اور اس کے کریم چہرے کی اور قدیم سلطنت کی پناہ چاہتا ہوں مردود شیطان سے اللہ کے نام کے ساتھ (داخل ہوتا ہوں) اور رسول اللہ پر صلاۃ وسلام ہو۔ اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

## مسجد سے نکلنے کی دعا

۱۴) بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

اللہ کے نام کے ساتھ اور صلوۃ وسلام رسول اللہ پر۔
اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں
اے اللہ مجھے مردود شیطان سے بچا۔

## اذان کے اذکار

۱۵) مؤذن کے جواب میں وہی کلمہ کہے جو موذن نے کہا البتہ **حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃ** اور **حَیَّ عَلَی الْفَلَاح** کے جواب میں **لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** کہے۔

مؤذن کے جواب سے فارغ ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ [اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادُ]

اے اللہ اے اس مکمل دعوت اور قائم صلاۃ کے پروردگار۔ محمد ﷺ کو خاص وسیلہ اور خاص فضیلت عطا فرما اور انھیں مقام محمود (تعریف کئے ہوئے مقام) پر کھڑا کر جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

# صلاۃ استخارہ کی دعا

استخارہ کا طریقہ: جب کسی غیر معمولی اور اہم کام کو انجام دینے کا ارادہ ہو تو رات سوتے وقت دو رکعت نفل نماز پڑھے اور اسکے بعد یہ دعا پڑھے اور خط کشیدہ عبارت پڑھتے وقت وہ مقصد جس کیلئے یہ دعا پڑھی جا رہی ہے دل میں حاضر کرے۔ نیز چھ سات دن تک یہ عمل دہرائیں۔

۱۶)اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ

فَــاِنَّکَ تَـقْـدِرُ وَلَا أقْـدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْـلَـمُ اَنْـتَ عَلاَّمُ الْـغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرَهُ لِيْ وَ يَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَ اِنْ كُـنْـتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّلِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ مَعَاشِيْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِيْ

اے اللہ میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ خیر کا سوال کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ساتھ طاقت کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے بڑے فضل کا سوال کرتا ہوں کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں

رکھتا اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو
جاننے والا ہے۔اے اللہ اگر تجھے معلوم ہے کہ یہ کام
میرے حق میں میرے دین کے اعتبار سے دنیا کے
اعتبار سے اور انجام کے اعتبار سے۔ یا میری دنیاوی
زندگی کے اعتبار سے اور میری اخروی زندگی کے
اعتبار سے میرے حق میں بہتر ہے تو تُو اس کو میرے
لئے مقدر فرمادے اور آسان کردے اور میرے لئے
برکت بھی عطا فرمادے اور اگر تجھے معلوم ہے کہ یہ
کام میرے دین کے اعتبار سے، دنیا کے اعتبار سے
اور انجام کے اعتبار سے یا میری دنیوی زندگی کے
اعتبار سے اور اخروی زندگی کے اعتبار سے میرے حق
میں بہتر نہیں ہے تو تُو اس کام کو مجھ سے دور کردے
اور مجھے اس سے دور کردے۔ اور جہاں میں بھی
(جس کام میں بھی) میرے لئے بہتری ہو اس کو مجھے
نصیب فرمادے اور پھر مجھے اس سے راضی کردے۔

## غم اور فکر کی دعا

۱۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ ابْنِ
عَبْدُكَ ابْنِ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ
مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ
قَضَاؤُكَ اَسْأَلُكَ بِكُلِّ . اِسْمٍ
هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْاَنْزَلْتَهٗ
فِيْ كِتَابِكَ أوِ اسْتَأثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ
الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ
رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجِلاءَ
حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ

اے اللہ میں تیرا بندہ تیرے بندے کا بیٹا تیری بندی کا بیٹا ہوں تیرا حکم مجھ میں جاری ہے میرے بارے میں (تیرا فیصلہ عدل ہے۔ میں تجھ سے تیرے ہر اس خاص نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تو نے خود اپنا نام رکھا ہے یا اسے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو وہ سکھایا ہے یا علم الغیب میں اس کے اپنے پاس رکھنے کو ترجیح دی ہے کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے سینے کا نور اور میرے غم کو دور کرنے والا اور میری فکر کو لے جانے والا بنادے۔)

## بے قراری کی دعا

۱۸) لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں عظمت والا بردبار ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے۔

## دشمن اور حکومت والے سے ملنے کی دعا

۱۹) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

اے اللہ ہم تجھی کو انکے مقابلے میں کرتے ہیں اوران کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

## ادائیگی قرض کیلئے دعا

۲۰) اَللّٰھُمَّ اکْفِنِي بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ.

اے اللہ مجھے اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام سے کافی ہو جا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے علاوہ سب سے غنی کر دے۔

## اس شخص کی دعا جس پر کوئی کام مشکل ہوجائے

۲۱) اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَھْلًا وَ اَنْتَ تَجْعَلِ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَھْلًا

یا اللہ کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کردے اور
تو جب چاہتا ہے تو مشکل کو آسان کردیتا ہے۔

## بچوں کو کون سے کلمات کیساتھ پناہ دی جائے

۲۲) اُعِیْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ.

میں (تم دونوں کو) ہر شیطان اور ہر زہریلے
جانور سے اور ہر لگ جانے والی نظر سے اللہ کے مکمل
کلمات (کے ساتھ) پناہ دیتا ہوں۔

## بیمار پرسی کے وقت مریض کیلئے دعا

۲۳) لَا بَأسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ

کوئی حرج نہیں یہ بیماری اللہ نے چاہا تو پاک کرنے والی ہے۔

## تعزیت کے وقت کی دعا

۲۴) اِنَّ لِلّٰہِ مَا أَخَذَ، وَلَہٗ مَا أَعْطٰی وَکُلَّ شَيْءٍ عِنْدَہٗ بِأَجَلٍ مُسَمَّی فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

اللہ ہی کا ہے جواس نے لیا اور اسی کا ہے جواس نے دیا اور اس کے پاس ہر چیز مقرر وقت کے ساتھ ہے۔اس لئے تمہیں چاہئے کہ صبر کرو اور ثواب کی نیت رکھو۔

## میت کو قبر میں داخل کرتے وقت دعا

۲۵) بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی سُنَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر۔

## ہوا چلتے وقت کی دعا

۲۶) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ ھَا.

اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اوراس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

## بارش کی چند دعائیں

۲۷) اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثاً مُغِیْثاً مَرِیْئاً مُرِیْعاً نَافِعاً غَیْرَ ضَارٍّ عَاجلاً غَیْرَ اجلٍ.

اے اللہ ہمیں بارش عطا فرما مدد کرنے والی خوشگوار سرسبز کرنے والی، فائدہ پہنچانے والی، نقصان نہ دینے والی، جلدی جو دیر والی نہ ہو۔

**اَللّٰھُمّ اَغِثْنَا، اَللّٰھُمّ اَغِثْنَا، اَللّٰھُمّ اَغِثْنَا،**

اے اللہ ہمیں بارش دے، اے اللہ ہمیں بارش دے،
اے اللہ ہمیں بارش دے۔

**اَللّٰھُمَّ اَسْقِ عِبَادَکَ وَبَهَائِمَکَ وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَأَحْيِ بَلَدَکَ الْمَيِّتَ**

اے اللہ اپنے بندوں اور اپنے جانوروں کو پانی پلا اور
اپنی رحمت پھیلا دے اور اپنے مردہ شہر کو زندہ کر دے۔

## بارش اُترتے وقت کی دعا

**۲۸) اَللّٰھُمَّ صَيِّباً نَافِعاً**

اے اللہ اسے نفع دینے والی بارش بنا دے۔

## بارش اُترنے کے بعد کی دعا

**۲۹) مُطِرْنَابِفَضْلِ اللّٰہِ وَرَحْمَتِہٖ**

ہم پر اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش ہوئی۔

## مطلع صاف کرنے کیلئے دعا

**۳۰) اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالظِّرَابِ، وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَۃِ، وَ مَنَا بَتِ الشَّجَرِ**

اے اللہ ہمارے اردگرد بارش برسا ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ ٹیلوں اور پہاڑیوں پر اور وادیوں کی نچلی جگہوں میں اور درخت اگنے کی جگہوں میں بارش برسا۔

## چاند دیکھنے کی دعا

۱۳) اَللّٰهُ اَکْبَر، اَللّٰهُمَّ أهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى رَبُّنَا وَرَبُّکَ اللّٰهُ.

اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ تو اسے ہم پر طلوع کر۔ امن، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جس سے تو محبت کرتا اور جسے پسند کرتا ہے۔ (اے چاند) ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔

## کھانے سے پہلے کی دعا

جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو پڑھے بسم اللہ، اللہ کے نام کے ساتھ (کھاتا ہوں) اور اگر شروع میں

بھول جائے تو کہے

۳۲) بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ اَوَّلِهٖ وَآخِرِهٖ

اللہ کے نام کے ساتھ (کھانا کھاتا ہوں)
اسکے شروع میں اور اسکے آخر میں۔

## کھانے سے فارغ ہوکر دعا

۳۳) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِيْ هٰذَا، وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ.

تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کسی بھی کوشش اور طاقت کے بغیر مجھے یہ کھانا عطا کیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً مُبَارَكاً

فِيْــهِ غَيْـرَ [مَـكْـفِيٍّ وَلَا] مُوَدَّع، وَلَا مُسْتَغْنِيً عَنْهُ رَبَّنَا.

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہے۔تعریف بہت زیادہ، پاکیزہ جس میں برکت کی گئی ہے جسے نہ کافی سمجھا گیا (کہ مزید کی ضرورت نہ ہو) نہ چھوڑا گیا ہے اور نہ اس سے بے پروائی کی گئی ہے اے ہمارے رب۔

## کھانے کھلانے والے کیلئے مہمان کی دعا

۳۴) اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ تو نے انہیں جو کچھ دیا ہے اس میں ان کیلئے برکت فرما اور انہیں بخش دے اور ان پر رحم کر۔

جو شخص کچھ پلائے یا پلانے کا ارادہ کرے

۳۵)　اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِيْ
وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ

اللہ جو مجھے کھلائے تو اسے کھلائے اور جو مجھے پلائے تو
اس کو پلائے۔

## شادی کرنے والے کیلئے دعا

۳۶)　بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ وَبَارَکَ
عَلَيْکَ وَجَمَعَ بَيْنَکُمَا فِيْ خَيْرٍ.

اللہ تیرے لئے برکت کرے اور تجھ پر برکت کرے
اور تم دونوں کو خیر میں اکٹھا کرے۔

## جماع سے پہلے دعا

۳۷) بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا.

اللہ کے نام کے ساتھ۔اے اللہ ہمیں شیطان سے بچا اور جو (اولاد) تو ہمیں عطا کرے اسے بھی شیطان سے بچا۔

## غصے کی دعا

۳۸) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

## مصیبت زدہ کو دیکھے تو یہ پڑھے

۳۹) اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰی کَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلاً

تمام تعریف اس اللہ کیلئے ہے جس نے مجھے اس چیز سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور اسنے مجھے اپنے پیدا کئے ہوئے بہت سے لوگوں پر بڑی فضیلت بخشی۔

## مجلس میں پڑھنے کی دعا

۴۰) رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ.

اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھ پر رجوع فرما
یقیناً تو ہی بہت رجوع کرنے والا بہت بخشنے والا ہے۔

## مجلس کے گناہ دور کرنے کی دعا

۴۱) سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ
اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ
وَأَتُوْبُ اِلَیْکَ

اے اللہ تو پاک ہے اور اپنی حمد کے ساتھ۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تجھ سے بخشش مانتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ لَا اِلٰـہَ اِلَّا

اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ اِلَیْکَ

پاک ہے تو اور تیری تعریف کے ساتھ۔ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

## چوپائے یا کسی سواری پر سوار ہونے کی دعا

۴۲) بِسْمِ اللّٰہِ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلیٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَر سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ اِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ

**لَا یَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّااَنْتَ.**

اللہ کے نام کے ساتھ تمام تعریف اللہ کیلئے ہے پاک ہے وہ جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کردیا حالانکہ ہم اسے ملنے والے نہیں تھے اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف پلٹنے والے ہیں۔ الحمدللہ الحمدللہ الحمدللہ۔ اللہ اکبراللہ اکبراللہ اکبر پاک ہے تو اے اللہ یقیناً میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا۔

## سفر کی دعا

**۴۳) اَللّٰہُ اَکْبَر اَللّٰہُ اَکْبَر اَللّٰہُ اَکْبَر سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلیٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ**

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُکَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی اَللّٰهُمَّ هُوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِعَنَّا بَعْدَهُ،اَللّٰهُمّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِيْ السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِي الاَهْلِ،اَللّٰهُمّ اِنِّي اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعَشَاءِ السَّفَرِ، وَكَابَةِ الْمَنظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلِبِ فِيْ الْمَالِ وَالْأَهْلِ.

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کر دیا حالانکہ ہم اسے ملنے

والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے
والے ہیں۔اے اللہ ہم اپنے اس سفر میں تجھ سے
نیکی اور تقویٰ کا سوال کرتے ہیں اور اس عمل کا
جسے تو پسند کرے سوال کرتے ہیں۔اے اللہ ہمارا
یہ سفر ہم پر آسان فرما دے اور اس کی دوری ہم
سے نہ کر دے اے اللہ تو ہی سفر میں ساتھ یاور گھر
والوں میں نائب ہے۔اے اللہ میں تجھ سے سفر
کی مشقت سے اور مال اور اہل میں منظر کے گم
سے اور ناکام لوٹنے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

## بستی یا شہر میں داخل ہونے کی دعا

۴۴) اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ
وَمَا أظْلَلْنَ ، وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ

وَمَــا أظْـلَـلْنَ وَرَبَّ الشَّيَـاطِيْنَ وَمَـا
أظْـلَـلْـنَ وَرَبَّ الــرِّيَــاحِ وَمَـا ذَرَيْنَ
أَسْــأَلُکَ خَيْــرَ هٰذِهِ الْقَـرْيَةِ وَخَيْـرَ
أهْـلِهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ
شَرِّ هَا وَ شَرِّ أهْلِهَا وَشَرِ مَا فِيْهَا.

اے اللہ اے ساتوں آسمانوں کے رب اور ان
چیزوں کے رب جن پر انھوں نے سایہ کیا ہے اور
ساتوں زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انھوں نے
اٹھایا ہے اور شیطانوں کے رب اور ان چیزوں کے
جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے اور ہواؤں کے رب
اور جو کچھ انھوں نے اڑایا ہے۔ میں تجھ سے اس بستی
کی خیر اور اس کے رہنے والوں کی خیر کا سوال کرتا

ہوں اور اس چیز کی خیر کا سوال کرتا ہوں جو اس میں
ہے اور اس کے شر سے اور اس کے رہنے والوں کے
شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو اس میں ہیں۔

## بازار میں داخل ہونے کی دعا

۴۴) لَا اِلٰـــهَ اِلَّا الـــلّٰـــهُ وَحْـدَهُ لَا
شَـرِيْكَ لَـهُ لَـهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
يُحِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ
الْخَيْرُ وَهُوَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس
کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کیلئے حمد ہے
زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے مرتا نہیں ہے
اسکے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## سفر سے واپسی کی دعا

۴۵) لَا اِلٰــــهَ اِلَّا اللّٰــــهُ وَحْــدَهٗ لَا شَــرِيْکَ لَـهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُــحِــيِ وَيُــمِيْــتُ وَهُوَ عَلٰى کُلِّ شَيْءٍ قَــدِيْــرٌ، أَيِبُوْنَ، تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَــامِــدُوْنَ، صَــدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ.

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے مُلک ہے اسی کی حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ہم واپس لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے صرف اپنے رب کی حمد

کرنے والے ہیں۔ اللہ نے اپنا وعدہ سچا کیا اور اپنے
بندے کی مدد کی اور اکیلے نے لشکروں کو شکست دی۔

خوش کرنے والی یا ناپسندیدہ چیزیں پیش آنے پر یہ کہیں

۴۶) اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ.

سب تعریف اس اللہ کیلئے ہے جس کی نعمت سے اچھے
کام مکمل ہوتے ہیں۔

اور جب کوئی ایسی چیز پیش آتی جو آپ کو ناپسندہ ہوتی تو
فرماتے۔

سرکش شیطانوں کی خفیہ تدبیروں کے توڑ کیلئے یہ کہیں

۴۷) اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ

الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّمَا خَلَقَ وَبَرأً وَذَرَأً وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يُخْرِجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلاَّ طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَارَحْمٰنُ

میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں جس سے کوئی نیک اور کوئی بد آگے نہیں گزر سکتا ہر اس چیز کے شر سے جسے اس نے بنایا اور پیدا کیا اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان سے نازل ہوتی ہے اور جو آسمان کی طرف چڑھتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے زمین میں پھیلائی اور اس کے شر سے جو اس سے نکلتی ہے اور رات اور دن کے فتنوں سے اور ہر رات کو آنے والے

کے شر سے سوائے اس رات کو آنے والے کے جو خیر کے ساتھ آئے اے نہایت رحم کرنے والے۔

## اداءِ قرض اور فکر وغم دور ہونے کی دعا

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعِجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ غَلْبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ "**

اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر فکر وغم سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں عاجزی اور کاہلی سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے زور وظلم سے (تو مجھے ان سب سے بچالے)

## سیدُ الاِ ستغفار

جواس استغفار کوایک مرتبہ دن میں یا رات میں یقین کامل کیساتھ پڑھ لے گا اگر وہ اس دن یا رات میں وفات پا جائے گا تو ضرور جنتی ہوگا۔

اسلئے حدیث شریف میں ہے اس استغفار کو سید الاستغفار سب سے بڑے استغفار کے نام سے ذکرفرمایاہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَعْدِکَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا

صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

الٰہی تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا ہی بندہ ہوں اور میں تیرے عہد (و پیمان) اور تیرے وعدہ پر اپنی استطاعت کے بقدر قائم ہوں میں تجھ سے اپنے کئے (کاموں) کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، تیری جو نعمتیں مجھ پر ہیں ان کا میں تیرے سامنے اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں پس تو میرے گناہ بخش دے اسلئے کہ تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا۔

## دہشت اور گھبراہٹ کے وقت کی دعا

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ
مِنْ غَضَبِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ
الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَحْضُرُوْن

میں اللہ کے نام (ہمہ گیر) کلمات کی پناہ لیتا
ہوں اللہ کے غضب (وغصہ) سے اور اس کے
بندوں کے شر سے اور شیطان کے کچوکوں (وسوسوں)
سے اوراس سے وہ شیطان میرے پاس آئیں

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ
اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَاجَعَلْتَہُ سَھْلاً
وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَھْلاً اِذَا شِئْتَ

اے اللہ! کوئی کام بھی آسان نہیں بجز اس کے جس کو تو آسان کردے اور تو تو جب چاہے سنگلاخ (زمینوں) کو بھی نرم و ہموار کردے۔

## نماز حاجت کا طریقہ اور دعا حاجت کا بیان

جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے خاص حاجت یا اسکے کسی بندے سے کوئی خاص کام پیش آجائے تو چاہیے کہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت صلاۃ الحاجت کی نیت سے نماز پڑھے اس کے بعد حمد و ثناء و درود پڑھے۔ پھر یہ دعا پڑھے۔

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتُوَجَّهُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَامُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتُوَجَّهُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ**

اے اللہ میں تجھ سے ہی سوال کرتا ہوں اور تیری ہی طرف متوجہ ہوں تیرے نبی محمد) نبی رحمت کے وسیلہ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں اور دعا کرتا ہوں تاکہ وہ پوری ہوجائے۔ اے اللہ تو میرے بارے میں آپ کی سفارش قبول فرما

## آئینہ دیکھنے کے وقت

**اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ**

اے اللہ تو نے ہی میری صورت اتنی اچھی بنائی ہے پس تو ہی میرے اخلاق بھی اچھے بنادے۔

## مال ومنال میں اضافہ اور زیادتی کیلئے دعا

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ**

اے اللہ! رحمتیں نازل فرما محمد ﷺ اپنے بندے رسول پر اور تمام ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں اور مسلمان مردوں اور عورتوں پر

**اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ**

تجھے اللہ ہمیشہ ہنستا ہوا اور خوش وخرم رکھے

## کسی کے اہل ومال کے ایثار کے جواب کا طریقہ

بَارَکَ اللّٰہُ فِیْ اَھْلِکَ وَمَالِکَ

کسی قرضدار سے قرض وصول ہونے کے وقت دعا

جب کسی قرضدار سے اپنا قرض پورا اصول کر لے تو اس کو یہ دعا دے

اَوْفَیْتَنِیْ اَوْفَی اللّٰہُ بِکَ یا وَفَی اللّٰہُ بِکَ یا اَوْفَاکَ اللّٰہُ

تم نے میرا پورا قرضہ ادا کر دیا ہے اللہ تمہیں اس کا پورا اجر دے، یا اللہ تم سے اپنا وعدہ پورا کرے

قرض میں گرفتار ہونے کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ

وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

اے اللہ تو مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچا دے اور
اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ
مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ
الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ
بِرَحْمَۃٍ تُغْنِنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃِ

اے اللہ! فکر کو دور کرنے والے غم کو دفع کرنے والے
مجبور لوگوں کی دعا کو قبول کرنے والے دنیا و آخرت
کے بہت بڑے رحم کرنے والے مہربان تو ہی مجھ پر
رحم کیا کرتا ہے پس تو ہی اس وقت اپنی اُس رحمت
(خاص) سے مجھ پر رحم فرما جس سے تو مجھے اپنے ماسوا
کی رحمت سے بے نیاز کر دے۔

## وسوسوں میں مبتلاء ہونے کے وقت کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

میں پناہ لیتا ہوں اللہ کی مردود شیطان سے

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ

میں تو ایمان لے آیا اللہ اور اس کے رسول پر

اَللّٰہُ اَحَدُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْوَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

اللہ ایک ہے بے نیاز ہے اُس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ
کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ فِتْنَتِہٖ

پناہ لیتا ہوں میں اللہ کی مردود شیطان اور اس کے فتنوں سے

## غصہ دفع کرنے کیلئے

**اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم**

مجلس کا کفارہ یہ ہے کہ وہاں سے اُٹھنے (اور واپس آنے) سے پہلے تین مرتبہ پڑھے

**سُبْحَانَ اَللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ**

اللہ پاک ہے اور اسی کیلئے (سب) تعریف ہے پاکی (بیان کرتا ہوں) تیری اے اللہ تیری ہی تعریف کیساتھ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے میں تجھ ہی سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں توبہ کرتا ہوں

## سانپ بچھو کے کاٹے کا علاج

جس کو سانپ بچھو وغیرہ زہریلے جانور نے کاٹ لیا ہو
اس پر سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔
پانی اور نمک ملا کر جس جگہ کاٹا ہے ملتا جائے اور سورہ قُلْ
يَا اَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ سوره قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقْ
سور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر دم کرتا جائے۔

## جلے ہوئے کیلئے دعا

اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ
الشَّافِىْ لَا شَافِىْ اِلَّا اَنْتَ

دور کرے تکلیف کو اے لوگوں کے پروردگار شفا

دیدے تو ہی شفا دینے والا ہے تیرے سوا کوئی شفا
دینے والا نہیں۔

## جب پیشاب بند ہو جائے یا پتھری ہو تو یہ دعا پڑھے

رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِیْ السَّمَآءِ تَقَدَّسَ
اسْمُکَ اَمْرُکَ فِی السَّمَآءِ
وَالْاَرْضِ کَمَا رَحْمَتُکَ فِی السَّمَآءِ
فَاجْعَلْ رَحْمَتِکَ فِی الْاَرْضِ
وَاغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَ خَطَایَانَا اَنْتَ رَبُّ
الطِّیِّنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآءِ کَ

وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِکَ عَلٰی ھٰذَ الْوَجَعِ

ہمارا رب اللہ ہے جو آسمانوں میں ہے (اے ہمارے رب) تیرا نام پاک ہے تیرا حکم آسمان اور زمین (یکساں) ہے تیری رحمت جیسے آسمان میں ہے ایسے ہی زمین میں بھی عام کردے ہمارے گناہ اور خطائیں معاف کردے تو پاک لوگوں کا پروردگار ہے پس تو اپنے (خزانہ) شفا سے شفا اور (خزانہ) رحمت سے رحمت نازل فرمادے اس بیماری پر (کہ یہ جاتی رہے)

## پھوڑے پھنسی اور زخم کیلئے دعا

☆ جس شخص کے پھوڑا پھنسی یا زخم ہو اس کا علاج اس طرح کرے کہ اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھ کر یہ کہتے ہوئے اٹھائے " بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ

اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاذْنِ رَبُّنَا " اللہ کے نام کیساتھ ہماری ہی زمین کی مٹی ہم ہی میں کے کسی شخص کے تھوک کے ساتھ ہمارے پروردگار کے حکم سے ہمارا بیمار اچھا ہو جائے یا یہ کہتے ہوئے یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاذِنِ رَبِّنَا

## جسمانی دکھ تکلیف کیلئے دعا

جس شخص کو جسمانی دکھ درد یا کوئی اور تکلیف ہو وہ اپنا دایاں ہاتھ تکلیف کی جگہ رکھے اور تین مرتبہ بسم اللہ کہے اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھے "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَااَجِدُ وَاُحَاذِرُ "میں اللہ اور اسکی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس تکلیف کے شر سے جو مجھے ہو رہی ہے اور جس سے میں ڈر رہا ہوں۔

## آنکھ دکھنے کیلئے دعا

**اَللّٰھُمَّ مَتِّعۡنِیۡ بِبَصَرِیۡ وَاجۡعَلۡہُ الۡوَارِثَ مِنِّیۡ وَاَرِنِیۡ فِی الۡعَدُدِّ ثَارِیۡ وَانۡصُرۡنِیۡ عَلٰی مَنۡ ظَلَمَنِیۡ**

اے اللہ ! تو مجھے میری بینائی سے نفع پہنچا اور اس کو میرا وارث (یادگار) بنادے اور میرے دشمن (کی زندگی) میں میرا بدلہ مجھے (اپنی آنکھوں سے) دکھا دے اور جو مجھ پر ظلم کرے اس پر میری مدد فرما۔

## بخار کیلئے دعا

جس شخص کو بخار آجائے وہ یہ پڑھے

**بِسۡمِ اللّٰہِ الۡکَبِیۡرِ اَعُوۡذُبِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ مِن**

شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّ مِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

مریض کی عیادت اور مزاج پرسی کے وقت کی دعا

جب کسی مریض کی عیادت اور مزاج پرسی کرے تو یہ الفاظ کہے

لَا بَاسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ . لَا بَاسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ کوئی گھبرانے کی بات نہیں ان شاء اللہ (یہ بیماری ظاہری اور باطنی آلودگیوں سے) پاک کرنے والی ہے۔

## شہادت کا یا مدینے میں وفات پانے کا شوق

اور دعا صدق دل اور سچے شوق سے یہ دعا کرے

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃَ فِیْ سَبِیْلِکَ

## وَاجْعَلْ مَوْتِیْ بِبَلَدِ رَسُوْلِکَ

اے اللہ! مجھے اپنے راستہ میں شہادت نصیب فرما اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر (مدینہ) میں مجھے موت دیدے۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص صدق دل سے اللہ کی راہ میں شہید ہونے کی دعا مانگے گا وہ اگرچہ بستر پر پڑھ کر مرے اللہ تعالیٰ اس کو شہیدوں کے درجہ پر پہنچادے گا۔

## مرنے کے وقت کی دعا

مرنے کے وقت مرنے والے کا منہ قبلہ کی طرف کردیا جائے اور یہ دعا مانگے

### اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِی وَالْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق
اعلیٰ (انبیاء وصالحین) کے ساتھ ملا دے

## زیارت قبور کیلئے

## قبرستان جانے کے وقت کی دعا

**اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّ نَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ**

اے اس بستی کے رہنے والے مومنوں مسلمانوں تم پر
سلام بیشک ہم بھی ان شاء اللہ تم سے عنقریب ملنے

والے ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے اور تمہارے لئے
عافیت کی دعا کرتے ہیں تم ہم سے پہلے جانے والے
ہواور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔

# متفرق دعائیں

❁ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ عَذَابِ
الۡقَبۡرِ وَ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ فِتۡنَةِ لِلۡمَسِیۡحِ
الدَّجَّالِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ فِتۡنَةِ
الۡمَحۡیَاوَالۡمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ
بِکَ مِنَ الۡمَاثَمِ وَالۡمَغۡرَمِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب
سے اور تیری پناہ لیتا ہوں کانے دجّال کے فتنہ سے
اور تیری پناہ لیتا ہوں زندگی اور موت کے (اور تمام)

فتنوں سے اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر گناہ اور قرض سے (تو مجھے ان سے بچالے)

۞ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ! تو بخشدے میرے وہ گناہ جو میں نے پہلے کئے اور جو پیچھے کئے اور وہ گناہ جو میں نے چھپا کر کئے اور جو علانیہ کئے اور وہ فضول خرچیاں بھی جو میں نے کی ہیں اور وہ گناہ بھی جن کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے رکھنے والا ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

۞ اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا يَّسِيْرًا

اے اللہ تو میرا حساب آسانی سے لے

۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

اے اللہ بیشک میں تیری پناہ لیتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں کانے دجّال کے فتنہ سے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں زندگی اور موت کے (اور تمام) فتنوں سے۔

۞ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡجُبۡنِ وَاَعُوۡذُ مِنۡ اَنۡ اَرُدَّالِیٰ اَرۡذَلِ الۡعُمُرِوَ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ فِتۡنَۃِ الدُّنۡیَا وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ عَذَابِ الۡقَبۡرِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی (اور بے عزتی) سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ نکمی اور رذیل عمر کو پہنچوں اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں دنیا کے فتنوں سے اور میں پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔

۞ اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ وَارۡحَمۡنِیۡ وَاھۡدِنِیۡ وَارۡزُقۡنِیۡ

۞ اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ

اے اللہ! تو اپنا ذکر کرنے پر اور اپنا شکر ادا کرنے پر اور اپنی بہترین عبادت کرنے پر میری مدد فرما

۞ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں کفر سے تنگدستی سے اور قبر کے عذاب سے

۞ اَللّٰھُمَّ اَصْلَحْ لِیْ دِیْنِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

اے اللہ! تو میرے دین کی اصلاح فرمادے اور

میرے گھر میں وسعت عطا فرمادے اور میرے
رزق میں برکت دے

﴿ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاجْعَلْہُ
طَوِیْلَ الْعُمْرِ کَثِیْرَ الرِّزْقِ

اے اللہ! تو اس میں میرے لئے برکت عطا فرما اور
اس کی عمر دراز اور رزق زیادہ فرمادے

﴿ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْماً نَّافِعاً
وَّرِزْقاً وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ

اے اللہ میں تجھ سے نفع پہنچانے والے علم اور فراخ
روزی اور ہر بیماری سے شفاء کا سوال کرتا ہوں

﴿ تَوْبًا، تَوْبًا، لِرَبِّنَا اَوْبًا لَا یُغَادِ
رُعَلَیْنَا حَوْبًا

۞ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰـهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بہت ہی بزرگ اور بڑا ہی بردبار ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا رب (مالک) ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے اور عرش کریم کا مالک ہے

۞ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

۞ يَااللّٰهُ يا رحمٰن يَا رَحيم (۱۰۱مرتبہ)

۞ سُبُحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمُدِهٖ سُبُحَانَ اللّٰهِ الُعَظِيُم (۱۰۱مرتبہ)

# بعد نماز پنج وقتہ اور
# رات سوتے وقت کے اذکار

[۱] سورہ فاتحہ ایک مرتبہ

[۲] آیۃً الکرسی ایک مرتبہ

[۳] آمن الرسول تاختم سورہ بقر ایک مرتبہ

[۴] چہار قل ایک مرتبہ

[۵] درود شریف ۷ مرتبہ

پڑھ کر دونوں ہتیلیوں پر دم کریں اور چہرے اور جسم پر
پھریں اور سیدھے کروٹ قبلہ رو سوئیں

# اورادِ امام غزالیؒ

## طلب علم وحکمت کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَرْدٌ حَيٌّ قَيُّومٌ حَكَمٌ عَدْلٌ قُدُّوسٌ

﴿سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا﴾ ☆ ﴿يُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾ ﴿وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ﴾

## دشمنوں پر کامیابی اور مدد کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ☆ فَرْدٌ
حَيٌّ قَیُّومٌ حَکَمٌ عَدْلٌ قُدُّوسٌ
﴿سَیَجْعَلُ اللّٰہ بَعْدَ عُسْرٍ
یُّسْرًا﴾ ☆ ﴿اِنَّافَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا
مُبِیْنًا﴾ ﴿وَیَنْصُرُکَ اللّٰہَ نَصْرًا
عَزِیْزًا﴾ ﴿وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِاللّٰہَ
الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمِ﴾ ﴿وَاللّٰہُ یُؤَیِّدُ بِنَصْرِہٖ

مَنْ يَشَآءُ ﴿حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ ﴿فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا﴾ ﴿عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَأتِيَ بِالْفَتْحِ﴾ ﴿وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيْرًا﴾ ﴿قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ﴾

دشمنوں سے نجات اور بلاؤں میں ثابت قدمی کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ☆

فَـرُدٌ حَـيٌّ قَيُّـومٌ حَـكمٌ عَدُلٌ قُدُّوسٌ

﴿سَيَـجُـعَـلُ الـلّٰــه بَـعُـدَ عُسُــرٍ يُسُــرًا﴾☆﴿رَبِّ نَـجِّـنِـي مِنَ الُقَوُمِ الـظّٰـالِـمِيُـنَ﴾ ﴿نَـجَـوُتَ مِنَ الُقَوُمِ الـظّٰـالِـمِيُـنَ﴾ ﴿وَ يَـنُجِى اللّٰهُ الَّذِيُنَ اتَّـقُـوا بِمَفَازَتِهِم ﴾ ﴿فَنَجَّيُنَا وَ اَهُلَهُ مِنَ الُكَرُبِ الُعَظِيُمِ﴾

## رزق اور دولت مندی کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ☆ فَرْدٌ حَيٌّ
قَيُّومٌ حَكَمٌ عَدْلٌ قُدُّوسٌ ﴿سَيَجْعَلُ اللّٰه
بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا﴾☆﴿و ترزق من
تشآءُ بغير حسابٍ﴾﴿فَابْتَغُوا عِنْدَ اللّٰهِ
الرِّزْقَ﴾ ﴿وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا
كَرِيْمًا﴾﴿فَانْقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ
وَفَضْلٍ﴾﴿اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ﴾

## اولاد کیلئے

لِطَلَبِ الوَلَدِ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ
الرَّحِيۡمِ☆ فَرۡدٌ حَيٌّ قَيُّوۡمٌ حَكَمٌ عَدۡلٌ
قُدُّوۡسٌ ﴿سَيَجۡعَلُ اللّٰهُ بَعۡدَ عُسۡرٍ
يُسۡرًا﴾☆﴿ هب لی من لدنک وليّا
يرثنى﴾﴿يُخۡرِجُكُمۡ طِفۡلاً ثُمَّ لِتَبۡلَغُوا﴾

## تکمیل حاجت کیلئے

لِقَضَاءِ الۡحَاجَةِ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ☆

فَــرْدٌ حَــيٌّ قَيُّــوْمٌ حَـكَـمٌ عَـدْلٌ قُـدُّوسٌ

﴿سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا﴾☆

﴿اِلَّا حَاجَةً فِى نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰيهَا﴾

شفاء مراض کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ☆ فَرْدٌ حَيٌّ قَيُّومٌ حَـكَـمٌ عَـدْلٌ قُدُّوسٌ ﴿سَيَجْعَلُ اللّٰـه بَـعْـدَ عُسْـرٍ يُسْرًا﴾☆﴿لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا هُدًى وَشِفَآءٌ﴾

## دفع امراض کل

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ☆ فَرۡدٌ حَيٌّ
قَيُّومٌ حَكَمٌ عَدۡلٌ قُدُّوسٌ ﴿سَيَجۡعَلُ
اللّٰهُ بَعۡدَ عُسۡرٍ يُسۡرًا﴾☆﴿يَا نَارُ
كُوۡنِی بَرۡدًا وَّسَلَامًا﴾

اذکار، اوراد، وظائف وختم شریف

من

# ثمراتِ مکیہ

تالیف

شیخ العرب والعجم تاج الفقراء

حضرت سیدنا شاہ محمد رفیع الدین قندھاریؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## راتبِ حضرت سید احمد کبیر الرفاعی قدس سرہ

(۱) لَآاِلٰــہَ اِلَّا الــلّٰــہُ وَحُـدَہٗ لاَ شَـرِیُکَ لَـہٗ لَہُ الُمُلُکُ وَلَہُ الُحَمُدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ قَدِیُرٌ (دس مرتبہ)

(۲) لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ (۱۰۰ مرتبہ)

(۳) اَللّٰہُ اَللّٰہ (۵۰۰ مرتبہ)

(۴) لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ مُحَمَّدٌ رَّسُوُلُ اللّٰہِ (۳مرتبہ)

(۵) اَلـلّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمُ وَبَارِکُ عَلٰی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ
عَدَدَ مَا کَانَ وَ عَدَدَ مَا يَکُوْنُ وَ عَدَدَ
مَا هُوَ کَائِنٌ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ (۳ مرتبہ)

(۶) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّد
وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَجِرْنَا مِنَ
النَّارِ (۳ مرتبہ)

(۷) مَوْلٰنَا مَوْلٰنَا وَ يَاسَامِعُ لِدُعَائِنَا
بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ لَا تَقْطَعْ رَجَاءَ نَا

(۳ مرتبہ)

(٨) مَوْلٰنَا مَوْلٰنَا وَ يَاسَامِعُ لِدُعَائِنَا
بِجَاهِ الْمُشَفَّعِ تَقَبَّلْ دُعَائَنَا بِجَاهِ
الشَفِيْعِ سَاكِنِ الْبَقِيْعِ مَنْ قَدَرَ ٥
يَارَفِيْعُ تَقَبَّلْ دُعَائَنَا (٣ مرتبہ)
(٩) صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّنَا عَلَى
الْنُّوْرِ الْمُبِيْنِ اَحْمَدَ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِ
الْمُرْسَلِيْنَ (٣ مرتبہ)
(١٠) آمِيْنُ آمِيْن ياَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ.
(٣ مرتبہ)
(١١) يَا بَرْكَةَ الصَّالِحِيْنَ وَالْاَنْبِيَاءِ

وَالصَّالِحِيْنَ وَالْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ
(۳مرتبہ)

(۱۲) اِرْحَمْنَايَامَوْلٰنَاوَارْزُقْنَا حُسْنَ الْيَقِيْنِ (۳مرتبہ)

(۱۳) أَيِّدْ عَبْدَکَ يَارَبِّ بِالتَّوْبَةِ وَاغْفِرْذَنْبِیْ (۳مرتبہ)

(۱۴) صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ يَا رَبِّ صَلِّ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ. (۱۰مرتبہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# راتب حضرت عبداللہ حداد

(۱) لَـآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَـهُ الْـمُـلْكُ وَلَـهُ الْـحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُـمِيْـتُ بِيَـدِهِ الْـخَيْرُ وَهُوَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ [۳مرتبہ]

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے اسی کیلئے تمام تعریفیں ہیں وہی زندہ کرتا ہے وہی موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

(۲) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ [۳ مرتبہ]

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

(۳) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه [۳ مرتبہ]

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو بلند ہے اور تعریف اسی کیلئے ہے میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔

(۴) رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ [۳ مرتبہ]

اے ہمارے پروردگار ہماری مغفرت فرمائیے بے شک آپ توبہ قبول کرنے والے اور رحم فرمانے والے ہیں۔

(۵) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْهِ وَسَلِّم [۳ مرتبہ]

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر اے اللہ انہی پر رحمت اور سلامتی نازل فرما۔

(٦) اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ [۳مرتبہ]

اللہ کی پناہ چاہتا ہوں میں ان تمام کلمات کے شر کے شر سے جس کو اللہ نے پیدا کیا۔

(۷) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ [۳مرتبہ]

اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین و آسمان میں نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

(۸) رَضِيْـنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِسَيِّدِنَـا مُـحَـمَّـدٍ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا [۳ مرتبہ]

ہم راضی ہوئے اس پر کہ اللہ ہمارا رب ہے اسلام ہمارا دین ہے اور محمد ﷺ ہمارے نبی ہیں۔

(۹) بِسْـمِ اللّٰـهِ وَالْـحَـمْـدُ لِلّٰـهِ وَالْخَيْرُ وَالشَّرُّ بِمَشِيَّةِ اللّٰه [۳ مرتبہ]

اللہ کے نام سے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہے اور خیر اور شر اللہ کی حکمت سے ہے۔

(۱۰) اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ تُبْنَآ اِلَی اللّٰہِ بَاطِنًا وَّظَاہِرًا [۳مرتبہ]

ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن اور ہم توبہ کرتے ہیں اللہ کے روبرو باطن سے اور ظاہر سے

(۱۱) یَا رَبَّنَا وَاعْفُ عَنَّا وَامْحُ الَّذِیْ کَانَ مِنَّا [۳مرتبہ]

اے ہمارے پروردگار ہمیں معاف فرما اور جو کچھ ہم سے سرزد ہو گیا اس کو میٹ دے۔

(۱۲) یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَمِتْنَا عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ [۷مرتبہ]

ذوالجلال والاکرام ہمیں اسلام پر موت دیجئے

(۱۳) يَـا قَـوِيُّ يَـامَتِيْـنُ اِكْفِ شَـرِّ الظَّالِمِيْنَ [۳ مرتبہ]

اے زبردست قوت والے ظالموں کے شر سے ہمیں محفوظ فرمائے۔

(۱۴) اَصْـلَـحَ اللّٰهُ اُمُوْرَ الْمُسْلِمِيْنَ صَرَفَ اللّٰهُ شَرَّ الْمُوْذِيْن [۳ مرتبہ]

اللہ مسلمانوں کے کاموں کی درستگی فرما اور تکلیف دینے والوں کے شر کو دور فرما

(۱۵) يَـا عَـلِـىُّ يَا كَبِيْرُ يَا عَلِيْمُ يَا قَـدِيْـرُ يَـا سَـمِيْـعُ يَا بَصِيْرُ يَا لَطِيْفُ يَاخَبِيْرُ [۳ مرتبہ]

اے ابزرگی والے اے بڑھائی والے، ائے علم
والے،ائے قدرت والے،آئے سننے والے،آئے
دیکھنے والے، ائے خبر رکھنے والے ، ائے مہربانی
کرنے والے۔

**(١٦) يَا فَارِجَ الْهَمِّ يَا كَاشِفَ الْغَمِّ يَا مَنْ لِّعَبْدِهٖ يَغْفِرُ وَ يَرْحَمُ** [۳مرتبہ]

اے رنج وغم کے دور کرنے والے ائے اپنے بندوں کی
مغفرت فرمانے والے اور ان پر رحم فرمانے والے

**(١٧) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبَّ الْبَرَايَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنَ الْخَطَايَا** [۴مرتبہ]

ائے کائنات کے پروردگار ہم آپ سے مغفرت
طلب کرتے ہیں ہمارے تمام خطاؤں کو بخش دیجئے۔

(۱۸) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (۱۰۰ بار)

(۱۹) سورۃ اکااخلاص (۳ بار)

(۲۰) سورۃ الفلق (۳ بار)

(۲۱) سورہ الناس (۱ بار)

(۲۲) فاتحه ! اِلٰی جَنَابِ نَبِیٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَ جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

(فجر،عصر،عشاء کے بعد)

# دعابرائے دین ودنیا واُمورِآخرت

اس دعا کو پڑھنے کے بعد اپنا ہاتھ چہرے پر مل لیں اور سادات رفاعیہ پر فاتحہ پڑھیں اور یہ ایسی چیز ہے جو شیخ شرف الدین بن طالب بن سمیع ہاشمی کے خزانے میں سید احمد کبیر رفاعی کی تحریر سے حاصل شدہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس دعا میں دین ودنیا وآخرت کے امور مقبول ہوتے ہیں اور اپنے نفس سے ذلت خواری کا اعتراف کرتے ہوئے صحیح اعتقاد رکھے اور وہ اللہ تعالیٰ کا ایسا بھید ہے جو خاص اسماء میں امانت رکھا گیا ہے۔ ہم خود ان اسماء پر مطلع نہیں ہوتے مگر اس کے خاص بندے اور نہ ہم تجھ کو اس پر مطلع کرینگے مگر تیری بھائی چارگی کے خاطر پس تو ان اسماء کے ذریعہ دعا کر ان شاءاللہ تعالیٰ تیری دعا قبول ہوگی۔ لیکن اس دعا سے تیرا مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی محبت اور رضا ہونی چاہئے کیونکہ تیرے اور میرے پاس کی کوئی قدر نہیں ہے۔

دعائے مستجاب: بسـم اللـه الـرحمن الرحیم یـاَ الـلّٰـهُ یَارَحْمٰنُ یارَحِیُمُ آلمّ اَلـلّٰـهُ لَآ اِلٰـهَ اِلاَّ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ. هُوَ الـلّٰـهُ وَاَسْاَلُکَ بِسِرِّ الذَّاتِ وَبِذَاتِ السِّـرِ.هُـوَ اَنْـتَ. اَنْـتَ هُوَ اَسْأَلُکَ وَاُقْسِـمُ عَـلَیْکَ بِحَقِّ الْاِسْمِ اَلَّذِیْ اَوْدَعْتَـــهُ سِـــرَّکَ الْاَعْـظَـمَ وَهُـوَ اِسْـمُکَ الْاَعْـظَـمُ الاکْبَـرُ. یَـااللّٰـهُ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَـــلٰــــی آلِ مُـــحَــــمَّــــدٍ

# وَّأَدْخِلْنَا بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ وَخِيَرَتِكَ الْمُفْلِحِيْنَ.
# بِرَحْمَتِكَ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ آمين

اے اللہ، اے مہربان، اے رحم والے، الٓمٓ، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ و قائم ہے وہ اللہ ہے اور میں تجھے ذات کے بھید اور بھید والی ذات کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں وہ تو ہے تو وہی ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں اس نام کے وسیلہ کی قسم دیتا ہوں جیسے تو اپنے بڑے بڑے بھید کو بطور ودیعت رکھا اور تیرا بڑا اسم اعظم ہے اے اللہ اے شفقت والے اے احسان فرمانے والے۔ ہمارے آقا محمدؐ پر ہمارے آقا محمدؐ کی آل پاک پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اپنی

رحمت سے تیرے نیک بندوں میں اور تیرے بہتر
کامیاب بندوں میں داخل فرمالے اے بہترین رحم
فرمانے والے۔آمین

اسکے بعد انھوں نے کہا جس وقت تو اس دعا کے ذریعہ دعا مانگ چکا پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنا گمان درست رکھ اور تو جس چیز کا خواہاں ہے اس سے اپنی ذات کو حقیر جان پس تیرے پاس امانت و دیعت ہے اور میرے اور تیرے درمیان خدا گواہ ہے۔

اور جس قدر تو تعظیم کرے گا اپنے مقصد کو پہونچے گا اور نیز عارف باللہ سے یہ دعا حاصل ہوئی۔

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِسِرِّ الذَّاتِ**

وَبِذَاتِ السِّرِاحْتَجَبْتُ بِنُوْرِ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ عَرْشِ اللّٰهِ وَبِكُلِّ اِسْمِ اللّٰهِ مِنْ عَدُوِّیْ وَعَدُوِّ اللّٰهِ. وَمِنْ شَرِّ کُلِّ مَاخَلَقَ اللّٰهُ (ایک لاکھ مرتبہ)

لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. خَتَمْتُ عَلَی نَفْسِیْ بِخَاتَمِ اللّٰهِ الْقُدُّوْسِ الصَنِیْعِ الَّذِیْ خَتَمَ بِهِ اَقْطَارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. حَسْبُنَااللّٰهَ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصُحْبِهٖ وَسَلَّمُ

اے اللہ بیشک میں تجھ سے ذات کے بھید اور بھید والی
ذات کے وسیلہ سے مانگتا ہوں میں اللہ کے نور اور
اللہ کے عرش کے نور اور اللہ کے ہر نام کے سبب
میرے اور اللہ کے دشمن سے اور ہر اس شر سے محفوظ
ہوگیا جسے اللہ نے تخلیق فرمایا (ایک لاکھ مرتبہ) اللہ
بلند و بالا کے سوا کوئی قوت و طاقت نہیں میں نے اللہ
کی مُہر خود پر ثبت کر لی جو پاک اور انوکھی چیزوں کا
موجد ہے جسکی مُہر آسمانوں اور زمین پر ثبت ہے ہمیں
اللہ کافی ہے اور کیا ہی اچھا کارساز ہے اور اللہ
ہمارے آقا پر اور آپؐ کی آلؑ پاک اور آپؐ کے
اصحابؓ پر رحمت وسلامتی نازل فرمائے۔

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِکُلِّ اِسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَکَ اَوْعَلَّمْتَهٗ**

اَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ اَوْاَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ اَوْاسْتَاثَرْتَ بِہٖ فِی عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ لَنَا قَائِداً وَ ھَادِیًاوَلِذُنُوْبِنَاوَعَیُوْبِنَا مَاحِیًا وَ لِقُلُوْبِنَارَبِیْعاً وَلِسَیِّئَاتِنَا شَفِیْعًاوَلِوُجُوْھِنَانَضْرۃً وَلِعَیُوْبِنَاسْتراً.

اے اللہ یقیناً میں تجھ سے تیرے ہر اس نام کے وسیلے سے جس سے تو نے اپنا نام رکھا یا جسے تو نے اپنی مخلوق میں سے کو سکھایا جسے تو نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا تیرے پاس علم غیب میں جو متاثر کن ہے یہ مانگتا ہوں کہ تو قرآن کو ہمارا قائد اور ہدایت دینے

والا اور ہمارے گناہوں اور عیبوں کو میٹنے والا اور ہمارے دلوں کی بہار اور ہمارے گناہ کبیرہ کی شفاعت کرنے والا اور ہمارے چہروں کی تازگی اور نور ہمارے عیبوں کیلئے پردہ پوش بنادے۔

**اَللّٰهُمَّ اَطْلِقْ بِهٖ اَلْسِنَتَنَا. وَاَجْزِلْ بِهٖ ثَوَابَنَا. وَاَحْسِنْ بِهٖ مَابُنَا. وَاجْعَلْنَانَقُوْمَ بِهٖ وَالَّذِیْ یُرْضِیْکَ**

اے اللہ اس اسم اعظم کی بدولت ہماری زبانوں کو کھولدے اور ہمارے ثواب زیادہ فرمااور ہمارے ٹھکانہ کوخوب سے خوب کردے اور تجھ کوراضی کرنے کی ہم میں اہلیت پیدافرما

**اَللّٰهُم اجْعَلْهُ لِهُمُوْمِنَاوَغُمُوْمِنَا شِفَاءً**

وَلِحَوَائجِنَاقَضَاءً وَفِی الْقِیَامَةِ رِفْعَةً وَسَناءً بِرَحْمَتِکَ یَاأَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ

اے اللہ اس کو ہمارے رنج وغم اور ہماری حاجات کا حاجت روا اور قیامت میں بلند و بالا کردے اے بہتر رحم کرنے والے

اَللّٰھُمَّ اَطْلِقْ بِہٖ اَلْسِنَتَنَابِذِکْرِکَ. وَطَہِّرْ قُلُوْبَنَاعَمَّا سِوَاکَ وَرَوِّحْ اَرْوَاحَنَا بِنَسِیْمِ قُرْبِکَ وَامْلَأْ أَسْرَارَنَابِمُحَبَّتِکَ وَاِطْوِضَمَائِرِنَا بِنَبِیِّکَ خَیْرِ الْعِبَادِوَ أَلِّفْ اَنْفُسَنَابِعِلْمِکَ وَامْلَأْ صُدُوْرَنَا

بِتَعْظِيْمِکَ وَ حَيِّزْ کُلِّيَّتَنَا اِلٰی
جَنَابِکَ وَحَسِّنْ اَسْرَارَنَامَعَکَ
وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ يَاخُذُمَاصَفَاوَيَدَ عُ
الْكَدْرَ وَيَعْرِفُ قَدْرَ الْعَافِيَةِ
وَيَشْكُرُعَلَيْهَا وَيَرْضِیْ كَفِيْلًا لِتَكُوْنَ
لَهُ وَ وَفِّقْنَا لِتَعْظِيْمِ عَظَمَتِکَ وَارْزُقْنَا
لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْهِکَ الْكَرِيْمِ
تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ يَاذَالْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ ہماری زبانوں کو اپنے ذکر سے کھول دے

(جاری کردے)اور ہمارے دلوں کو تیرے غیر سے
پاک کردے اور ہماری روحوں کو اپنے قرب کی
خوشگوار ہوا سے راحت پہنچا اور ہمارے باطن کو اپنی
محبت سے بھر دے اور ہمارے باطنوں کو بندوں میں
سب سے بہتر ہستی کی (زینت) سے موڑ دے اور
اپنے علم سے ہماری جانوں کو مانوس کردے اور
ہمارے سینوں کو اپنی عظمت سے بھر دے اور ہماری
کلفتوں (یعنی اعمال) کو اپنی جناب میں جگہ عطا
فرما۔ اور ہمارے بھیدوں کو تیرے ساتھ بہتر بنا اور
ہمیں ان لوگوں میں کردے جنھوں نے صاف دلی
اختیار کی اور بغض کو چھوڑ دیا اور عافیت کی اہمیت کو جانا
اور اس پر شکر ادا کیا اور جو تجھے کفیل سمجھ کر راضی رہا
تا کہ تو انکا ہو جائے اور ہمیں تیرے رتبہ کی تعظیم
کرنے کی توفیق دے اور ہمیں تیرے باکرامت چہرہ

کی طرف دیکھنے کی لذت عطا کر اے جلال و کرم فرمانے والے تو بابرکت اور بلند ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دعائے مستجاب

تَحَصَّنْتُ بِخَفِيِّ لُطْفِ اللّٰهِ وَبِلَطِيْفِ
صَنْعِ اللّٰهِ وَبِجَمِيْلِ سِتْرِ اللّٰهِ وَ
بِعَظِيْمِ ذِكْرِ اللّٰهِ وَبِعِزَّةِ سُلْطَانِ اللّٰهِ
دَخَلْنَا فِيْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِيْ كَنَفِ اللّٰهِ
وَاسْتَجَرْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِ اللّٰهِ وَمِنْ
شَرِّ اَعْدَاءِ اللّٰهِ يَا مَنْ يَّحُوْلُ بَيْنَ
الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ حُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَالَاطَاقَةَ

بِـنَـا يَـااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اَكْشِفُ بِـــهِ عَــنُ قَـلُبِـىُ حِـجَـابَ الُـغَـفُـلَـةِ وَاسُتَـعُـمِلُنِىُ فِىُ اَيَّامِ الُمَهُلَةِ اجُعَلُنِى مِـنُکَ اِلَيُکَ طَـرِيُقاً سَهُلَةً وَخُذُبِىُ مِنّىِ وَاَغِثُنِى عَنّىُ وَأَسُئَلُکَ

میں اللہ کے پوشیدہ لطف اور اللہ کی عمدہ کاریگری اور اللہ کے خوبصورت حجاب اور اللہ کے بلند ذکر اور اللہ کی سلطانی میں پناہ حاصل کر لی ہے اور اللہ کی حمایت میں داخل ہوئے اور میں اللہ اور اللہ کے رسولؐ کی پناہ چاہا۔ اللہ کے دشمنوں سے اے وہ ہستی جو انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہے ۔ تو حائل ہو جا ہمارے اور ہماری عاجزی کے درمیان اے اللہ

اے اللہ اے اللہ۔ اے اللہ اس دعاء کے ذریعہ
میرے دل سے غفلت کے پردہ کو ہٹا دے اور مہلت
کے اوقات میں مجھ کو استعمال فرما اور تو اپنی طرف
سے تجھ تک رسائی کا سہل راستہ عطا فرما اور مجھے مجھ
سے تھام لے اور میری مدد فرما۔

**اَللّٰهُمَّ بِالْقُدْرَةِ اللَّاهُوْتِيَّةِ وَبِالْعِزَّةِ السَّرْمَدِيَّةِ وَبِالْمَمْلَكَةِ الْأَبَدِيَّةِ وَبِالذَّاتِ الْقُدُسِيَّةِ اَنْ تَكْشِفَ عَنِّي حِجَابَ الْغَفْلَةِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ.**

اے اللہ میں تجھ سے قدرت لاہوتیہ کے وسیلہ سے اور دائمی غلبہ کے وسیلہ سے اور دائمی بادشاہت کے وسیلہ سے اور پاک ذات کے وسیلہ سے یہ مانگتا ہوں کہ اے بہتر رحم فرمانے والے اپنی رحمت سے غفلت کے پردہ کو مجھ سے ہٹا دے اے اللہ ہمارے آقا محمدؐ پر اور آپؐ کی آلؓ پاک اور آپؐ کے صحابہ پر رحمت و سلامتی نازل فرمایئے۔

## درودِ تُنَجِّیْنَا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَامُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَامِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِی لَنَابِھَا جَمِیْعَ

الْـحَـاجَـاتِ وَتُـطَهِّـرُنَابِهَامِنْ جَمِيْعِ السَّيِـئَـاتِ وَتَـرْفَعُنَابِهَاعِنْدَکَ أعْلَى الـدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَابِهَااَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيوٰةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰى كُلِ شَىْ ءٍ قَدِيْرٌ.

اے اللہ ہمارے آقا محمدؐ پر ایسی رحمت نازل فرما جس کے سبب تو ہمیں تمام ہولنا کیوں اور بلاؤں سے نجات دے دے اور جس کے سبب تو ہماری تمام ضرورتوں کو پورا کر دے اور جس کے سبب تو تمام برائیوں سے ہمیں پاک کر دے اور جس کے سبب ہمیں اپنے پاس بلند درجہ عطا فرما اور جس کے سبب ہمیں دنیا اور مرنے کے بعد کی تمام بھلائیوں کے

مقاصد کی انتہاء کو پہنچا دے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

**(۱) یَا اللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِی کُلِّ فَعَالِهٖ یَااَللّٰهُ**

(اے اللہ جو اپنے کام میں قابل ستائش ہے اے اللہ)

**(۲)یَارَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَهٗ یَارَحْمٰنُ**

(اے اللہ ہر چیز پر رحم کرنے والے اور اس پر مہربان رحم کرنے والے)

**(۳) یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ غَیَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ یَارَحِیْمُ**

(ہر مصیبت زدہ پر رحم فرمانے والے اے اس کے مددگار اور اس کی پناہ گاہ اے رحم فرمانے والے)

**(۴) یَـاحَـیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَاحَیُّ**

(اے ہمیشہ زندہ رہنے والے (مولا) جب اس کی دائمی بادشاہت اور بقاء میں کوئی زندہ نہ رہے گا اے ہمیشہ زندہ رہنے والے)

**(۵) یَـا قَیُّـوْمُ فَلَا یَـفُوْتُ شَـیْءٌ مِنْ عِلْمِهٖ وَلَا یَؤُدُهٗ یَا قَیُّوْمُ**

(اے بذات خود قائم (مولا) تو وہ ہے کہ کوئی چیز اس کے علم سے فوت نہیں ہوتی ہے اور نہ اسے دشواری پیش آتی ہے اے بذات خود قائم رہنے والے)

# طریقہ استخارہ

جس کسی کو کوئی کام درپیش ہو اور وہ نہیں جانتا کہ کام کیسا ہوگا تو وہ عشاء کی نماز ادا کر کے تھوڑی دیر سوجائے پھر نیند سے بیدار ہونے کے بعد وضو کر کے درود تنجینا پڑھے اور اس کے بعد تین بار ''یا محمدؐ'' کہے اور سات بار ''اُحْضُرُنَا یَا عَبْدُ اللّٰہِ'' پڑھے اس کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰس پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ''اِنَّا اَنْزَلْنَا'' (سورہ قدر) پڑھے اس کے بعد یہ اسماء پڑھ کر مصلی پر دائیں پہلو پر سوئے اور چہرے کو قبلہ

کی جانب کرے تو کرنے یا نہ کرنے کا اشارہ ہو جائے
گا۔اسماء یہ ہیں:

(۱) **یَا هَادِیُ** [۱۰۰بار]،(۲)**اِهْدِنِی** [ایک بار]

(۳)**یَاعَلِیُم** [۱۰۰بار]،(۴) **عَلِّمْنِی** [ایک بار]

(۵)**یَا خَبِیُر** [۱۰۰بار]،(۶)**أخْبِرْنِی** [ایک بار]

(۷) **یَامُبِیُن** [۱۰۰بار]،(۸)**بَیِّنْ لِی** [ایک بار]

آنے والے احوال کیلئے استخارہ جب کوئی حاجت درپیش ہو چہارشنبہ کی رات میں شروع کرے سب سے پہلے سوتے وقت پانچ بار درود پڑھے اس کے بعد سات بار سورہ اخلاص پڑھے اس کے بعد پانچ بار درود

پڑھے پھر نیت کر کے سو جائے۔

اور وہ درود یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی کُلِّ مَلَائِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

# دعائے حیدری

ظالم دشمنوں کو مغلوب کرنے کیلئے اور ظاہری و باطنی رزق میں کشادگی کیلئے نماز فجر یا عشاء کے بعد بلا ناغہ تین بار پڑھا کرے بے شمار فوائد ہیں وہ دعا یہ ہے:

**یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَ یَاغَیَاثُ الْمُسْتَغِثِیْنَ وَ یَامُفَرِحَ الْمَحْزُوْنِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ.**

**يَـا رَبِّ قَـضَيُــتَ وَ فَوَّضُـتُ اَمُـرِی اِلَيُکَ. يَـا رَزّاقُ يَـا فَتَّـا حُ يَـا بَـاسِطُ وَصَـلَّـى اللّٰهُ عَلٰى خَيُرِ خَلُقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِـهٖ اَجُـمَـعِيُـنَ حَـقٌّ حَقٌّ حَقٌّ يَا اللّٰهُ الُمَحُمُوُدُ فِیُ كُلِ فِعَالِهٖ يَا اللّٰهُ** (۳بار)

اے رزق کے دروازے کھولنے والے اور اے ذرائع پیدا کرنے والے اور اے دلوں نگاہوں کے پھیرنے والے اور اے حیران زدوں کے رہنماء اور اے مدد خواہوں کے مددگار اور اے غمزدوں کو خوش کرنے والے میری مدد فرما۔ میں نے تجھ پر بھروسہ کیا اے میرے رب تونے میری حاجت پوری کی اور میں نے اپنا معاملہ تیرے سپرد کیا اے رزق

رساں اے تقدیر کا دروازہ کھولنے والے اے کشادگی عطا کرنے والے۔☆ اے اللہ محمدؐ پر اس تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما جو آپ پر درود بھیجا اور محمدؐ اس کے بقدر رحمت نازل فرما جو آپ پر درود نہ بھیجا اور محمدؐ پر رحمت نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمیں آپ پر درود بھیجنے کا حکم دیا۔

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَمْ یُصَلِّی عَلَیْہ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدً کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ**

اے اللہ محمد ﷺ پر درود بھیجنے والوں اور نہ بھیجنے والوں

کی تعداد کے مطابق درود بھیج اور محمدؐ پر رحمت نازل فرما جیسا تو چاہتا ہے اور تو آپؐ پر درود بھیجنے سے راضی ہے۔

**بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِيْلِ الْجَبَّارِ الْقَاهِرِ الْقَهَّارِ**

اس اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بزرگ زبردست غالب زیر کرنے والا ہے۔

**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَا حَيْدَرُ يَاحَيْدَرُ يَاحَيْدَرُ يَااَبَا تُرَابَ يَاعَلِى يَااَسَدَ اللّٰهِ يَاوَلِيَّ اللّٰهِ يَارِجَالَ اللّٰهِ يَامَقْبُوْلَ اللّٰهِ يَامَحْبُوْبَ اللّٰهِ**

## يَاظَهُوْرَ اللّٰهِ يَامَظْهَرَ الْعَجَائِبِ بِالْقَهْرِ أَنِّي مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمدؐ پر جو رب العالمین کے دشمنوں کے خلاف غالبوں کے سردار ہیں اے حیدر اے حیدر اے حیدر اے ابوتراب اے علی اے اللہ کے شیر اے اللہ کے ولی اے مرد خدا اے بارگاہ الٰہی کے مقبول اے اللہ کے چہیتے اے اللہ کے مظہر اے غلبہ کے ذریعہ عجائبات کو ظاہر کرنے والے میں شکست خوردہ ہوں میری مدد فرمایئے۔

## يَاحَقُّ يَاحَقُّ يَاحَقُّ تَحَقَّقْتُ بِالْحَقِ وَالْحَقُّ فِي حَقِّ حَقِّكَ يَا حَقُّ يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ يَاقَادِرُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

يَـااَلـلّٰـهُ يَـااَلـلّٰهُ يَااَللّٰهُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاللّٰهُ
اَكْبَـرُ وَلاَ حَـــوْلَ وَلاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰـهِ
الْعَلِـيِّ الْعَظِيْـمِ يَـاعَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ
بِـالْعَظْـمَةِ وَالْعَظْـمَةُ فِـىْ عَظْمَةِ
عَظْـمَتِکَ يَـاعَظِيْـمُ يَـارَبِّ يَاقَدِيْرُ
يَـاخَالِقُ يَـا كَـرِيْـمُ يَـارَحِيْمُ مُسَخِّرَ
السَّـــمٰــوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَـابَيْـنَهُـمَـا
يَـاعَلِيْمُ يَامُحْيِى يَامُمِيْتُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا
ضَارُّ يَاجَلِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ
قَـدِيْرُ الْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ يَا

جَلِيْـلُ حَسُـوْدِیٌّ مَـقْهُـوْرٌ وَعَدُوِیٌّ
مَـقْتُـوْلٌ بِـقَهْـرِکَ یَـاقَهَّـارُ تَقَهَّرْتَ
بِــالْـقَهْـرِ والْـقَهْـرُ فِـیْ قَهْرِ قَهْرِکَ
یَـاقَهَّـارُ قَهِّـرْ اَعْدَائِیْ یَاجَبَّارُ، یَامُذِلُّ
یَـاتَـقِیّـاً مِـنْ کُـلِّ جَـوْرٍلَمْ یَرْضَهٗ وَلَمْ
یُـخَـالِـطْـهٗ یَـاتَـقِیّـاًیَاتَقِیّاً بِسَیْفِ اللّٰهِ
لِاِیْلَافِ قُرَیْشٍ اِیْلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ
وَالـصَّیْفِ وَمَارَمَیْتَ اِذْرَمَیْتَ وَلٰکِنَّ
الـلّٰـهَ رَمٰـی یَـاقَـوِیُّ یَـاقَاهِرُ ذَالْبَطْشِ
الشَّـدِیْـدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَاْ یُطَاقُ اِنْتَقَامُهٗ

يَــاقَــاهِــرُ اِقْهَـرْ وَادِفَعْ اَعْدَائِـیْ مِنْ
قَهْـرِکَ وَاَنْـتَ اشَّـدُ الْـقَاهِرِیْنَ حَقُ
حَقُ حَـقُ یَـاحَـمِیْـدُ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ
عَــلٰــی جَــمِیْعِ خَـلْـقِــهٖ بِـلُـطْـفِــهٖ
یَـاحَـمِیْـدُیَـاغِیَـاثِیْ عِـنْدَ کُلِّ کُرُبَةٍ
وَمُـجَبَّتِـی عِـنْـدَ کُـلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِیْ
عِـنْـدَ کُـلِّ شِـــدَّةٍ وَعِــنْـدَ کُلِّ شِدَّةٍ
وَیَــارَجَــائِــیْ حِیْـنَ تَـتُـقَطِعُ حِیْلَتِـیْ
یَـاغِیَـاثِـیْ نَـادِ عَـلَیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ
تَجِدُهُ عَوْنًالَکَ فِیْ النَّوَائِبِ کُلُّ هَمٍّ

**وَغَمِّ سَيَنْجَلِيْ بِنَبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ ﷺ بِوِلَایَتِکَ یَاعَلِیؓ یَاعَلِیؓ یَاعَلِیؓ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ.**

اے حق اے حق اے حق حق کے ساتھ تو ثابت ہے
اور اختیار تیرے سچے اختیار میں ہے اے حق اے
تقدیر کے دروازے کھولنے والے اے تقدیر کے
دروازے کھولنے والے اے تقدیر کے دروازے
کھولنے والے اے قدرت والے اے زندہ رہنے
والے اے بذات خود قائم (مولا) اے اللہ اے اللہ
اے اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ سب سے بڑا ہے
اور اللہ کے سوا کوئی قوت و طاقت نہیں جو بلند و بالا
ہے اے باعظمت (مولا) شان کے ساتھ تو بڑا ہے

اور عظمت تیرے مرتبہ کی عظمت میں ہے اے
باعظمت (مولا) اے پالنہارا ے قدرت والے
اے پیدا کرنے والے اے کرم فرمانے والے اے
رحم فرمانے والے آسمانوں اور زمین اور ان کے
درمیان کی چیزوں کو مسخر کرنے والے اے علم والے
اے زندہ کرنے والے اے موت دینے والے اے
بڑے (مولا) جو ہر چیز پر قادر ہے اور انصاف اس کا
حکم اور اس کا وعدہ سچا ہے یا بزرگ تر مجھ سے حسد
کرنے والا مغلوب اور میرا دشمن تیرے قہر سے
ہلاک ہوجائے اور زبردست (مولا) تو غلبہ کے
ذریعہ زبردست بنا۔ اور غلبہ تیرے زور کے غلبہ میں
ہے اے زبردست (مولا) میرے دشمنوں کو مغلوب
کردے اے عظیم (مولا) اے ذلت دینے والے
اے ہر ظلم سے پاک جو نہ اس سے راضی ہے اور نہ جو

اس کے علم میں ملا ہوا ہے اے پاکیزہ اے پاکیزہ تو
نے اللہ کی تلوار لا یلاف قریش ایلافھم رحلت الشتاء
والصیف ومارمیت والکن اللہ رمی کے ذریعہ (اپنے
دشمنوں) کو ہلاک کردیا۔اے طاقت والے اے
غالب سخت پکڑ والے تو وہ ہے جس سے انتقام نہیں لیا
جاسکتا اے غالب غالب کردے اور اپنے قہر سے
میرے دشمنوں کو ڈھکیل دے۔اور تو سخت غالب ہے
سچ ہے سچ ہے سچ ہے اے کام میں قابل تعریف اپنی
تمام مخلوق پر مہربانی کے ذریعہ احسان کرنے والے۔
اے قابل تعریف (مولا) اے ہر مصیبت کے وقت
میری مدد کرنے والے اور میری ہر پکار کے وقت
جواب دینے والے اور ہر سختی کے وقت میری پناہ گاہ
اور اے میری امید جس وقت حیلہ کا سلسلہ ختم ہوجاتا
ہے اے میری مدد کرنے والے حضرت کو میں ندا

دے رہا ہوں جو مظہر عجائبات ہیں آپ جنھیں اپنی
جانب سے مخلوق کی مصیبتوں میں مددگار پاتے
ہیں۔ ہر رنج وغم اے محمدؐ آپ کی نبوت کے وسیلہ سے
اور اے علیؓ اے علیؓ اے علیؓ آپ کی ولایت کے وسیلہ
سے دور ہو جائے گا۔

# دعائے محبت

## روزانہ صبح سات بار پڑھیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

اے اللہ محمدؐ پر اور آپؐ کی آلؓ پاک اور آپ کے اصحابؓ پر رحمت وسلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَ اَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ قَلْبِ اٰدَمَ وَ حَوَّا

اے اللہ مجھے اور اولاد آدمؑ و بنات حوّاؑ کے درمیان مانوس بنا جیسا کہ تو نے آدمؑ و حوّاؑ کے دل کو مانوس

بنایا۔ اے اللہ مجھے اور اولاد آدمؑ وبنات حوّاؑ کے
درمیان مانوس بنا جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ وسارہ کے
دل کو مانوس بنایا۔

اَللّٰھُم اَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اٰدَمَ وَبَنَاتِ
حَوَّا کَمَااَلَّفْتَ بَیْنَ قَلْب دَاؤدَ
وَصَفِیَّةَ

اے اللہ مجھے اور اولاد آدمؑ و بنات حوّاؑ کو مانوس بنا
جیسا کہ تو نے داؤدؑ اور صفیہؑ کے دل کو مانوس بنایا۔

اَللّٰھُم اَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اٰدَمَ وَبَنَاتِ
حَوَّا کَمَااَلَّفْتَ بَیْنَ قَلْب مُوْسٰی
وَصَفُوْرَا

اے اللہ مجھے اور اولاد آدم و بنات حوّا کو مانوس بنا جیسا
کہ تو نے موسیٰ اور صفورہؓ کے دل کو مانوس بنایا۔

اَللّٰھُم اَلِّفْ بَیْنِی وَبَیْنَ اٰدَمَ وَبَنَاتِ
حَوَّا کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ قَلْب یُوْسُفَ
وَزُلَیْخَاء

اے اللہ مجھے اور اولاد آدمؑ و بنات حوا کے درمیان
مانوس بنا جیسا کہ تو نے یوسف اور زلیخا کو مانوس بنایا۔

اَللّٰھُم اَلِّفْ بَیْنِی وَبَیْنَ اٰدَمَ وَبَنَاتِ
حَوَّا کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ قَلْب الشَّرِیْف
مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وسلم وَعَائِشَة رَضِیَ اللّٰہُ
تَعَالیٰ عَنْھَا

اے اللہ مجھے اور اولاد آدم و اولاد حوّا کے درمیان مانوس بنا جیسا کہ تو نے محمدؐ کے قلب پاک اور عائشہؓ کو مانوس بنا۔

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ قَلْبِ عَلِیٍّؓ وَ فَاطِمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا

اے اللہ مجھے اور اولاد آدم و بنات حوّا کے درمیان مانوس بنا جیسا کہ تو نے قلب علیؓ و سیدتنا فاطمہؓ کو مانوس بنایا۔

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ وَاَعْطُفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ بَنِی اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا بِالْعِشْقِ وَالْمَحَبَّۃِ وَالْمَوَدَّۃِ وَالشَّفَقَّۃِ وَالْمَجْدِ وَالْخُلُقِ.

اے اللہ مجھے اور اولاد آدمؑ و بنات حوّاؑ کے درمیان عشق و محبت و چاہت اور شفقت اور بزرگی اور اخلاق کے ذریعہ مانوس بنادے اور نرمی والا بنادے۔

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْنِیْ فِیْ قُلُوْبِ عِبَادِکَ وَاِمَائِکَ وَخَلْقِ سَمٰوَاتِکَ وَاَرْضِکَ

اے اللہ مجھے تیرے بندوں اور تیری بندیوں کے دلوں اور تیرے آسمانوں اور تیری زمین کی مخلوق میں محبوب بنادے۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ سَخِّرْلِی بَنِی اٰدَمَ وَبَنَاتِ
حَوَّا وَلَيِّنْهُمْ عَلَیَّ وَذَلِّلْهُمْ وَسَخِّرْلِی

اے اللہ جو آسمانوں اور زمین میں ہے اسے میرے
تابع کردے اور اولاد آدم و بنات حوّا کو میرے تابع
کردے۔اور انہیں میرے لئے نرم خو،فرمانبردار اور
تابع کردے

اَللّٰهُمَّ اَلْقِ مُحَبَّتِیْ فِیْ قُلُوْبِهِمْ
وَاجْعَلْهُمْ عَلَیَّ رَؤُوْفًا مُحِبّ رَحِیْماً
بِحَقِّکَ یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ مُحَبّاً
المحبّاً علی المحبوب حُبّاً کَانَ حَباً

**بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ**

اے اللہ میری محبت ان کے دلوں میں ڈالدے اور
انہیں مجھ پر رحم کرنے والا چاہنے والامہربان کردے
اے رحم فرمانے والے۔ اے رحیم اے محبوب سے
محبت کرنے والے اے ارحم الراحمین یہ محبت تیری
رحمت سے ہے۔

**اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِی اَعْدَائِی کَمَاسَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ بْن دَاوُدَعَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَلَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوُدَ عَلَیْہِ السَّلَامِ وَقَھِّرْھُمْ لِی کَمَا قَھَّرْتَ**

اَبَـاجَهْـلٍ لِـمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰہ عَلَیہِ وَسَلَّم بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ
حٰـمٓ عٓسٓقٓ صُـمٌّ بُـکْـمٌ عُـمْـیٌ فَهُمْ لَا
یَـرْجِـعُـوْنَ صُـمٌ بُـکْـمٌ عُـمْـیٌ فَهُـمْ
لَایُبْــصِـرُوْنَ صُـمٌ بُـکْـمٌ عُـمْـیٌ فَهُـمْ
لَایَعْقِلُوْنِ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَالسَّمِیْعُ
الْـعَـلِیْـمُ وَصَـلَّـی الـلّٰـهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ
مُـحَـمَّـدٍ وَّاٰلِـهٖ وَاَصْـحَـابِـهٖ اَجْمَعِیْنَ
بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اے اللہ میرے دشمنوں کو اس طرح میرے تابع بنا
جیسا کہ تو نے ہوا کو داؤدؑ کے بیٹے سلیمانؑ کیلئے تابع
فرمایا۔اور انہیں میرے حق میں ایسا نرم بنا دے جیسا
تو نے لوہے کو داؤدؑ کے حق میں نرم کر دیا اور میرے
سبب ان پر قہر نازل فرما جیسا تو نے سچے محمدؐ کے سبب
ابو جہل پر قہر نازل فرمایا کٓھیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ کے
وسیلے سے (میرے حق) وہ بہرے گونگے ہیں اور
اندھے ہوجائیں وہ باز نہ آئیں گے وہ بہرے
گونگے اندھے ہوجائیں وہ (عبرت کا دیکھنا) نہیں
دیکھ سکتے ۔ وہ بہرے گونگے اندھے ہوجائیں اور
سمجھ نہ سکیں اللہ ان کے مقابل میں آپ کو کافی ہے
اور وہ سنتا اور جانتا ہے اے اللہ اپنی مخلوق میں سب
سے بہتر محمدؐ پر اور آپ کی آل پاک پر اور تمام صحابہ پر
اپنی رحمت نازل فرما اے بہتر رحم کرنے والے۔

# ختم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دینی و دنیوی امور کیلئے یہ ختم تمام مشائخ کے پاس افضل عمل ہے۔ اس کی ترتیب یوں ہے: پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نیاز حاصل کرنے کی نیت سے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد بارہ [۱۲] مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے سورہ فاتحہ سے سے فارغ ہونے کے بعد ختم شروع کرے۔ ختم پڑھنے والے طاق عدد ہوں اور صالح ہوں اور گیارہ تک افراد ہوں اور وہ حقہ پینے والے نہ ہوں۔

(۱)سورہ فاتحہ [۱۲]مرتبہ

(۲) درود شریف [۳۱۳]مرتبہ

(۳) یَاھَادِیُ یَا نُوْر [۳۱۳]مرتبہ

(۴) یَا ھَادِیُ یَامُنَوَّرُ [۳۱۳]مرتبہ

(۵) صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْکَ یَارَسُوْل اللّٰہ [۳۳۱۲]مرتبہ

(۶) سورہ فاتحہ [۱۲]مرتبہ

(۷) درود شریف [۳۱۳]مرتبہ

(۸) اَغِثْنِیُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بِاِذْنِ اللّٰہِ بِحَقِّ اَفْضَلَ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ شئیاً لِلّٰہ[۳۱۳]مرتبہ

اسکے بعد فاتحہ پڑھے اور مدد طلب کرے۔

# ختم قادریہ

تمام مقاصد کیلئے مفید ہے اور اس کے برکات بے حد و حساب ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ: پہلے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھے اسکے بعد فاتحہ پڑھ کر ختم شروع کرے۔

(۱) سورہ فاتحہ [۱۱] مرتبہ

(۲) درود [۱۱۱] مرتبہ

(۳) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ

اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیّ الْعَظِیْمِ (ایک سو گیارہ مرتبہ)

(۴) پھر اَلَمْ نَشْرَحْ [۱۱۱] مرتبہ،

(۵) سورہ یٰسٓ (مکمل) ایک بار

(٦) یَاشَیْخُ عَبْدُ القَادِر جِیْلَانِیُ شَیْئاً لِلّٰہِ (ایک سو گیارہ مرتبہ،)

(۷) یَابَاقِی اَنْتَ البَاقِیُ ایک سو گیارہ مرتبہ،

(۸) سورہ فاتحہ ایک سو گیارہ مرتبہ،

(۹) درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ،

(۱۰) یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ایک سو گیارہ مرتبہ،

(۱۱) یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ایک سو گیارہ مرتبہ

# ختم رفاعیہ

ہر نیت و مراد کیلئے ختم شریف کہ جو کوئی عصر کے
بعد اس ختم کو پڑھے گا تو ان شاء اللہ مقصد بر آئے گا۔
(شیرینی) رکھ کر فاتحہ دے اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کے روح پر اور حضرت سلطان احمد کبیر رفاعی حضرت سید علی
رفاعی صاحب شباک ،حضرت سید صالح افندی رفاعی،
حضرت سید محمد رفاعی، حضرت عبد الرحیم رفاعی اور حضرت
سید یوسف رفاعی رحمھم اللہ کے ارواح پر فاتحہ پڑھے اور بخشے
اور ختم پڑھنے کی شرط یہ ہے کہ پانچ سات یا نو یا گیارہ نیک
آدمی ہوں اس ختم شریف کی اجازت اس فقیر کو محمد قطب
الدین بن محمد انبیاء عرف قطب خان شاہ نور سے حاصل ہے

ان کو شاہ عنایت اللہ سے ان کو شاہ احمد اللہ سورتی سے جو

یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ہیں۔

## حضرات رفاعیہ کے ختم دلانے کی ترتیب اس طریقہ، مذکور پر ہے۔

(۱) درود شریف [۱۰۱] مرتبہ

(۲) سورہ فاتحہ [۲۱] مرتبہ

(۳) سورہ الکوثر [۷۷۰] مرتبہ بسم اللہ کیساتھ

(۴) سورہ الفلق (ایک بار)

(۵) سورہ الناس (ایک بار)

(۶) درود شریف (صَلوٰۃً تُنَجِّیْنَا) [۱۰۱] مرتبہ

(نوٹ : اس کتاب کے صفحہ ۱۵۹ پر یہ درود موجود ہے۔)